DIRECTORATE
GENERAL PUBLIC REALTEIONS
BALOCHISTAN

نظامتِ اعلیٰ تعلقاتِ عامہ
حکومتِ بلوچستان

NO.DGPR(PRESS CLIPPING)/ 495

DATED. 07-06- 2026.

**SUBJECT:-** **PRESS CLIPPINGS.**

*kindly find enclosed here with a set of press clipping of Local/National Newspapers for information and necessary action.*

**for (Director General)**

***The Press Secretary to***
*Chief Minister, Balochistan, Quetta.*

RAMZAY ROAD QUETTA

PHONE NO: 081-9202548-9201615-9201956, FAX NO:081-9201108
e-mail: dgprquettabalochistan@.com, dgprquetta.advt@gmail.com

**DIRECTORATE**
**GENERAL PUBLIC RELATIONS**
**BALOCHISTAN**

**نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ**
**حکومت بلوچستان**

مورخہ 07.06.2026

| نمبرشمار | اہم قومی ومقامی خبریں | اخبارات |
|---|---|---|
| 01 | کوئٹہ لیڈی ڈاکٹر پر تیزاب پھینک دیا گیا پولیس کی کارروائی میں ملزم ہلاک متاثرہ ڈاکٹر ایئر ایمبولنس میں کراچی منتقل ،وزیراعلیٰ۔ | جنگ ودیگر اخبارات |
| 02 | حکومتی اور سیاسی حلقوں کا تیزاب گردی کے واقعے پر شدید ردعمل۔ | جنگ ودیگر اخبارات |
| 03 | قوم پرست اور مذہبی جماعتوں کی دوغلی سیاست عوام نے مسترد کردی، نورمحمد دمڑ۔ | انتخاب ودیگر اخبارات |
| 04 | خواتین کے تحفظ یقینی بنانا حکومت کی اولین ترجیح ہے، بخت محمد کاکڑ۔ | مشرق ودیگر اخبارات |
| 05 | خاتون ڈاکٹر پر تیزاب پھینکنا معاشرے کے امن پر حملہ ہے، سلیم کھوسہ۔ | جنگ ودیگر اخبارات |
| 06 | افسران عوامی مسائل کے حل میں سنجیدگی کا مظاہرہ کریں، شعیب نوشیروانی۔ | مشرق ودیگر اخبارات |
| 07 | قانون کو ہاتھ میں لینے کی اجازت کسی کو نہیں دی جائے گی، ضیاء لانگو۔ | جنگ ودیگر اخبارات |
| 08 | کفایت شعاری مہم پر عملدرآمد وزارتوں اور ڈویژنز سے رپورٹ طلب۔ | جنگ ودیگر اخبارات |
| 09 | ہسپتالوں میں سیکیورٹی کے لیے بجٹ میں فنڈز مختص کردیے، سیکرٹری صحت۔ | جنگ ودیگر اخبارات |
| 10 | بیٹیوں کی طرف میلی نظر ڈالنے والوں کی آنکھیں نکال لیں گے، ڈی آئی جی پولیس۔ | مشرق ودیگر اخبارات |
| 11 | ایف آئی اے کا ملک بھر میں فنانشل ایکشن ٹاسک فورس ڈیسک قائم کرنے کا فیصلہ۔ | جنگ ودیگر اخبارات |
| 12 | ٹیکس قوانین کی خلاف ورزی پر کاروباری مراکز سیل کیے جاسکتے ہیں، بی آر اے۔ | جنگ ودیگر اخبارات |
| 13 | مزاحمت قابو سے باہر ہوگئی حکمران سبق نہیں سیکھ رہے، اختر مینگل ، زہری واقعہ کے خلاف 10 جون کو ہڑتال کا اعلان۔ | جنگ ودیگر اخبارات |
| 14 | بلوچستان سمیت خطے کو خونریزی کا اکھاڑا بنانے کی سازشیں جاری ہیں، مولانا فضل الرحمٰن۔ | جنگ ودیگر اخبارات |
| 15 | شاہرگ واقعے کے متاثرین کو انصاف فراہم کیا جائے، سیاسی جماعتیں۔ | جنگ ودیگر اخبارات |
| 16 | لیڈی ڈاکٹر پر تیزاب پھینکنے کا واقعہ بزدلانہ فعل ہے، نیشنل پارٹی۔ | جنگ ودیگر اخبارات |
| 17 | بلوچستان میں امن وامان کی صورتحال انتہائی تشویشناک ہوچکی ہے، ہدایت الرحمٰن۔ | جنگ ودیگر اخبارات |
| 18 | اے این پی نے 10 جون کو شٹرڈاؤن ہڑتال کی حمایت کردی حکمران۔ | جنگ ودیگر اخبارات |
| 19 | حکمران صوبے کو مزید تباہی کی جانب لے جارہے ہیں، آل پارٹیز کانفرنس۔ | جنگ ودیگر اخبارات |

**امن وامان:**

تربت کے علاقے نوکہن سے لاش برآمد، پنجگور میں جھل مگسی کے رہائشی کو گولی ماردی گئی، پشین دو گروہوں میں فائرنگ ایک شخص جاں بحق 2 زخمی، کزن کی جگہ جسمانی فٹنس ٹیسٹ دینے کی کوشش کرنے والا گرفتار، موسیٰ خیل میں نامعلوم افراد کی فائرنگ سے صحافی جاں بحق، پسنی سے دو کیچ سے ایک لاش برآمد دیگر واقعات میں تین افراد ہلاک 9 زخمی، ایف سی ساؤتھ کی کارروائی 240 غیرقانونی افغان باشندے گرفتار۔

CamScanner

DIRECTORATE
GENERAL PUBLIC RELATIONS
BALOCHISTAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

**مسائل :**

بروری میں 12 گھنٹے کی طویل لوڈشیڈنگ عوام پریشان، مسلم باغ میں پینے کے پانی کا بحران سنگین تر فوری اقدامات ناگزیر، پیٹرول کی قیمتوں میں اضافہ فش انڈسٹری ٹرانسپورٹ اور عوام مشکلات کا شکار، گولوماہی گیر اتحاد، طالب علم محمد اکبر بگٹی کے مبینہ اغوا پر اہل خانہ کا شدید اظہار تشویش۔

**مورخہ 07.06.2026**

**اداریہ :**

روزنامہ آزادی نے "**منی پیٹرول پمپ مافیا** " کے عنوان سے اداریہ تحریر کیا ہے کہ صوبائی دارالحکومت کوئٹہ میں منی پیٹرول پمپ مافیا نے اپنی من مانیاں شروع کررکھی ہیں وہ عوام کو مہنگے داموں پیٹرول فروخت کر کے دونوں ہاتھوں سے لوٹ رہے ہیں چونکہ ان کا کوئی مکینزم نہیں ہے اس لیے وہ پورے عروج سے من مانیاں کررہے ہیں۔ وہ ایرانی پیٹرول کی قیمتوں کا اجراء اپنی مرضی سے کرتے ہیں۔انہوں نے پیٹرول کی قیمت میں من مانا اضافہ کرتے ہوئے 400 روپے فی لیٹر میں فروخت کرنا شروع کررکھا ہے جو کہ صوبے کی تاریخ میں بلند ترین ریٹ ہے۔ اس عمل پر عوامی حلقوں میں شدید تشویش پائی جارہی ہے کیونکہ ان کو ایرانی پیٹرول میں بڑا ریلیف مل رہا تھا جوان سے چھین لیا گیا ہے جو کہ عوام کے لیے بہت بڑی زیادتی کے مترادف اقدام ہے۔ وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کے احکامات اور عوامی شکایات پر ڈپٹی کمشنر کوئٹہ مہراللہ بادینی کی ہدایت پر منی پیٹرول پمپ مافیا کے خلاف بڑا کریک ڈاؤن کیا گیا اس موقع پر 68 منی پیٹرول پمپ سیل کر کے 52 افراد کو گرفتار کر کے جیل منتقل کردیا گیا۔ کریک ڈاؤن ضلع بھر میں بڑے پیمانے پر کیا گیا۔ یہ کارروائیاں سب ڈویژن سٹی صدر، سریاب اور کچلاک میں کی گئیں ضلعی انتظامیہ کے مطابق عوامی شکایات پر مہنگے داموں پیٹرول فروخت کرنے والوں اور غیر قانونی کاروبار میں ملوث عناصر کے خلاف بلا امتیاز کارروائیاں کرے۔

**اداریے :**

روزنامہ قدرت زکوئٹہ نے "**دہشت گردی کے خلاف قومی عزم اور بلوچستان میں امن کا چیلنج** " کے عنوان سے اداریہ تحریر کیا ہے۔

روزنامہ بلوچستان ٹائم کوئٹہ نے " Highways without lavatory" کے عنوان سے اداریہ تحریر کیا ہے۔

**مضامین :**

روزنامہ آزادی کوئٹہ نے "**بلوچستان محرومی مسلح بغاوت اور ریاستی ناکامی کے** " کے عنوان سے مسرور احمد نور کا مضمون تحریر کیا ہے۔

برائے ڈائریکٹر جنرل
نظامت تعلقات عامہ بلوچستان

CS CamScanner

روزنامہ ایکسپریس کوئٹہ سینچری

پاکستان کے 11 شہروں سے بیک وقت شائع ہونے والا واحد اخبار

جلد 24 شمارہ 173 | اتوار، 21 ذوالحج، 7 جون 2026ء، صفحات 6 قیمت 40 روپے

# تیزاب گردی واقعہ انتہائی افسوسناک ملزم اپنے انجام کو پہنچ گیا: وزیر اعلیٰ

## ایسے عناصر کیلئے صوبے میں کوئی گنجائش نہیں، سرفراز بگٹی، لیڈی ڈاکٹر کے علاج کے اخراجات حکومت اٹھا رہی ہے، شاہد رند

کوئٹہ (خ ن) وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کی خصوصی ہدایت (باقی صفحہ 5 نمبر10)

پر تیزاب گردی کے افسوسناک واقعے میں متاثر ہونے والی لیڈی ڈاکٹر کو اعلیٰ اور جدید طبی سہولیات کی فراہمی کے لیے کراچی منتقل کر دیا گیا ہے متاثرہ لیڈی ڈاکٹر کو پیپلز ایئر ایمبولینس کے ذریعے ماہر ڈاکٹروں اور خصوصی طبی عملے کی نگرانی میں کراچی روانہ کیا گیا جہاں انہیں ملک کے ممتاز طبی ماہرین کی زیر نگرانی علاج اور خصوصی نگہداشت فراہم کی جائے گی انسانی ہمدردی پر مبنی اس مشن کی قیادت کیپٹن علی آزاد کر رہے ہیں وزیر اعلیٰ میر سرفراز بگٹی نے کہا ہے کہ حکومت بلوچستان متاثرہ لیڈی ڈاکٹر کے علاج، بحالی اور فلاح و بہبود کی مکمل ذمہ داری اٹھا رہی ہے اور اس مقصد کے لیے تمام دستیاب وسائل بروئے کار لائے جا رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ متاثرہ خاتون کو بہترین ممکنہ طبی سہولیات کی فراہمی حکومت کی اولین ترجیح ہے اور ان کے علاج میں کسی قسم کی کوتاہی برداشت نہیں کی جائے گی وزیر اعلیٰ نے متعلقہ حکام کو ہدایت کی ہے کہ متاثرہ خاندان کے ساتھ مسلسل رابطے میں رہتے ہوئے انہیں ہر ممکن معاونت، سہولت اور رہنمائی فراہم کی جائے۔ انہوں نے اس امر پر بھی زور دیا کہ مریضہ کی صحت اور علاج سے متعلق پیش رفت کی باقاعدگی سے نگرانی کی جائے اور حکومت کو مسلسل آگاہ رکھا جائے میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ تیزاب گردی کا یہ واقعہ نہایت افسوسناک، انسانیت سوز اور معاشرتی اقدار کے منافی ہے۔ انہوں نے واضح کیا کہ واقعے میں ملوث ملزم اپنے منطقی انجام کو پہنچ چکا ہے اور حکومت بلوچستان قانون کی عملداری پر کسی قسم کا سمجھوتہ نہیں کرے گی وزیر اعلیٰ نے کہا کہ خواتین کے خلاف تشدد، ہراسگی اور جرائم میں ملوث عناصر کے لیے بلوچستان میں کوئی گنجائش نہیں۔ حکومت خواتین کے تحفظ، وقار اور بنیادی حقوق کے دفاع کے لیے پرعزم ہے اور ایسے جرائم کے مرتکب افراد کو قانون کے مطابق سخت ترین انجام تک پہنچایا جائے گا انہوں نے کہا کہ حکومت بلوچستان متاثرہ لیڈی ڈاکٹر اور ان کے اہل خانہ کے ساتھ مکمل یکجہتی کا اظہار کرتی ہے اور ان کی جلد و مکمل صحت یابی کے لیے دعا گو ہے۔ حکومت اس امر کو یقینی بنائے گی کہ متاثرہ خاندان کو انصاف، تحفظ اور ہر ممکن ریاستی معاونت فراہم ہو۔ دریں اثناء وزیر اعلیٰ بلوچستان کے معاون برائے سیاسی و میڈیا امور شاہد رند نے کہا ہے کہ وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کی خصوصی ہدایت پر تیزاب گردی کا نشانہ بننے والی لیڈی ڈاکٹر کو فوری طور پر کراچی منتقل کر دیا گیا ہے، جہاں انہیں جدید ترین طبی سہولیات اور ماہر ڈاکٹروں کی نگرانی میں علاج فراہم کیا جا رہا ہے شاہد رند نے کہا کہ مریضہ کی کراچی منتقلی ایئر ایمبولینس کے ذریعے مکمل کی گئی، جس میں تربیت یافتہ طبی عملہ اور ماہر ڈاکٹرز ہمراہ موجود تھے تاکہ دوران سفر ہر ممکن طبی نگہداشت یقینی بنائی جا سکے انہوں نے بتایا کہ وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی مسلسل اس کیس کی نگرانی کر رہے ہیں اور متاثرہ خاندان کے ساتھ مکمل رابطے میں ہیں۔ حکومت بلوچستان متاثرہ لیڈی ڈاکٹر کے علاج معالجے کے تمام اخراجات برداشت کر رہی ہے اور ان کی مکمل صحت یابی تک ہر ممکن سہولت فراہم کی جائے گی۔

# وزیر اعلیٰ کا متاثرہ لیڈی ڈاکٹر کے والد سے ٹیلیفونک رابطہ

## ہر ممکن تعاون کی یقین دہانی، واقعے کی تحقیقات جاری ہیں، بخت کاکڑ

کوئٹہ (خ ن) صوبائی وزیر صحت بلوچستان بخت محمد کاکڑ نے کہا ہے کہ وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے سول اسپتال کوئٹہ میں زیر علاج تیزاب گردی کا نشانہ بننے والی (باقی صفحہ 5 نمبر9)

لیڈی ڈاکٹر کے والد سے ٹیلیفونک رابطہ کر کے ان کی خیریت دریافت کی اور متاثرہ خاندان کو حکومت بلوچستان کی جانب سے ہر ممکن تعاون اور مکمل معاونت کی یقین دہانی کرائی ہے۔ صوبائی وزیر صحت نے کہا کہ وزیر اعلیٰ بلوچستان کی خصوصی ہدایت پر متاثرہ لیڈی ڈاکٹر کو مزید بہتر اور جدید طبی سہولیات کی فراہمی کے لیے کراچی منتقل کر دیا گیا ہے، جہاں انہیں ملک کے ممتاز ماہرین کی زیر نگرانی علاج فراہم کیا جا رہا ہے انہوں نے کہا کہ مریضہ کو ایئر ایمبولینس کے ذریعے کراچی منتقل کیا گیا منتقلی کے دوران ماہر ڈاکٹرز اور تربیت یافتہ طبی عملہ بھی ہمراہ موجود رہا تاکہ ہر ممکن طبی نگہداشت یقینی بنائی جا سکے ایئر ایمبولینس مشن مکمل طور پر کامیابی سے انجام پایا بخت محمد کاکڑ نے بتایا کہ حکومت بلوچستان متاثرہ لیڈی ڈاکٹر کے علاج معالجے کے تمام اخراجات برداشت کر رہی ہے اور ان کی مکمل صحت یابی تک ہر ممکن طبی، انتظامی اور انسانی معاونت جاری رہے گی انہوں نے کہا کہ وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے واقعہ میں ملوث ملزم کی فوری گرفتاری اور قانون کے مطابق سخت کارروائی کی ہدایت جاری کی تھی تاہم بعد ازاں پولیس کارروائی کے دوران ملزم مارا گیا ہے صوبائی وزیر صحت نے کہا کہ واقعہ کی تحقیقات جاری ہیں اور قانون نافذ کرنے والے ادارے تمام پہلوؤں سے معاملے کی جانچ کر رہے ہیں۔

CamScanner

THE DAILY INTEKHAB (Quetta)

روزنامہ انتخاب کوئٹہ

رجسٹرڈ نمبر بی سی I-4

قیمت 30 روپے

صفحات 6

www.dailyintekhab.PK
Intekhabnews@gmail.com
Quetta Ph:081-2822909

جلد نمبر 32 | اتوار 07 جون 2026ء بمطابق 21 ذوالحجہ 1447ھ | شمارہ نمبر 154


# کوئٹہ: خاتون ڈاکٹر پر تیزاب گردی، ملزم پولیس مقابلے میں ہلاک

**وزیراعلیٰ کی ہدایت پر کراچی منتقل**

**سول ہسپتال سرجیکل وارڈ میں دوران ڈیوٹی ہمایوں شاہ نامی شخص تیزاب پھینک کر فرار، زخمی ڈاکٹر کو نجی ہسپتال منتقل کیا گیا، چہرے اور جسم کا 35 فیصد حصہ جھلس گیا**

**واقعہ انسانیت سوز، ڈاکٹر کا علاج حکومت کی ذمہ داری ہے، سرفراز بگٹی کا متعلقہ حکام کو متاثرہ خاندان کیساتھ مسلسل رابطے میں رہنے کی ہدایت**

کوئٹہ (این این آئی) سول ہسپتال کوئٹہ میں سرجیکل وارڈ میں دوران ڈیوٹی ایک شخص نے پوسٹ گریجویٹ خاتون ڈاکٹر پر تیزاب پھینک دیا اور موقع سے فرار ہوگیا جبکہ پولیس نے دعویٰ کیا ہے کہ ملزم تلاش

بقیہ نمبر 50 صفحہ 5 پر

کے دوران فائرنگ کے تبادلے میں مارا گیا۔ پولیس حکام کے مطابق خاتون ڈاکٹر تیزاب کے حملے میں شدید زخمی ہوگئیں اور انہیں فوری طور پر ابتدائی طبی امداد فراہم کرنے کے بعد نجی ہسپتال منتقل کیا گیا، جہاں ڈاکٹروں نے بتایا کہ ان کے چہرے اور جسم کا تقریباً 35 فیصد حصہ جھلس چکا ہے۔ سول ہسپتال کوئٹہ میں پیش آنے والے تیزاب گردی کے واقعے کی سی سی ٹی وی فوٹیج بھی سامنے آگئی، جس میں مبینہ حملہ آور کو تیزاب پھینکنے کے بعد فرار ہوتے دیکھا جاسکتا ہے۔ پولیس نے بتایا کہ واقعے کے بعد ملزم کی گرفتاری کے لئے شہر بھر میں سرچ اور انٹیلی جنس بنیاد پر کارروائیاں شروع کردیں اور تیزاب گردی کے مقدمے میں مطلوب ملزم ہمایوں شاہ کو شالکوٹ بس اسٹینڈ کے قریب قانون نافذ کرنے والے اداروں کے ساتھ فائرنگ کے تبادلے میں ہلاک ہوگیا۔ حکام کے مطابق ملزم کو گرفتار کرنے کی کوشش کی گئی تاہم اس نے مزاحمت کی، جس کے نتیجے میں فائرنگ کا تبادلہ ہوا جبکہ وزیراعلیٰ نے واقعے کا فوری نوٹس لیتے ہوئے متعلقہ حکام سے تفصیلی رپورٹ طلب کرلی۔ وزیراعلیٰ کے ترجمان اور معاون شاہد رند کے مطابق زخمی ڈاکٹر کو جدید طبی سہولیات کی فراہمی کے لئے خصوصی ایئر ایمبولنس کے ذریعے کراچی منتقل کردیا گیا ہے، جہاں ان کا مزید علاج جاری ہے۔

کوئٹہ (آن لائن) وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی کی خصوصی ہدایت پر تیزاب گردی کے افسوسناک واقعے میں متاثر ہونے والی لیڈی ڈاکٹر کو اعلیٰ اور جدید طبی سہولیات کی فراہمی کے لئے کراچی منتقل کردیا گیا، متاثرہ لیڈی ڈاکٹر کو

بقیہ نمبر 51 صفحہ 5 پر

چیلنجز ایئر ایمبولنس کے ذریعے ماہر ڈاکٹروں اور خصوصی طبی عملے کی نگرانی میں کراچی روانہ کیا گیا جہاں انہیں ملک کے ممتاز طبی ماہرین کی زیر نگرانی علاج اور خصوصی نگہداشت فراہم کی جائے گی۔ انسانی ہمدردی پر مبنی اس مشن کی قیادت کیپٹن علی آزاد کررہے ہیں۔ وزیراعلیٰ نے کہا کہ حکومت بلوچستان متاثرہ لیڈی ڈاکٹر کے علاج، بحالی اور فلاح و بہبود کی مکمل ذمہ داری اٹھا رہی ہے اور اس مقصد کے لئے تمام دستیاب وسائل بروئے کار لائے جارہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ متاثرہ خاتون کو بہترین ممکنہ طبی سہولیات کی فراہمی حکومت کی اولین ترجیح ہے اور ان کے علاج میں کسی قسم کی کوتاہی برداشت نہیں کی جائے گی۔ وزیراعلیٰ نے متعلقہ حکام کو ہدایت کی کہ متاثرہ خاندان کے ساتھ مسلسل رابطے میں رہتے ہوئے انہیں ہر ممکن معاونت، سہولت اور رہنمائی فراہم کی جائے۔ انہوں نے اس امر پر بھی زور دیا کہ مریضہ کی صحت اور علاج سے متعلق پیشرفت کی باقاعدگی سے نگرانی کی جائے اور حکومت کو مسلسل آگاہ رکھا جائے۔ سرفراز بگٹی نے کہا کہ تیزاب گردی کا یہ واقعہ نہایت افسوسناک، انسانیت سوز اور معاشرتی اقدار کے منافی ہے۔ انہوں نے واضح کیا کہ واقعے میں ملوث ملزم اپنے منطقی انجام کو پہنچ چکا ہے اور حکومت بلوچستان قانون کی عملداری پر کسی قسم کا سمجھوتہ نہیں کرے گی۔ وزیراعلیٰ نے کہا کہ خواتین کے خلاف تشدد، ہراسگی اور جرائم میں ملوث عناصر کے لئے بلوچستان میں کوئی گنجائش نہیں۔ حکومت خواتین کے تحفظ، وقار اور بنیادی حقوق کے دفاع کے لئے پرعزم ہے اور ایسے جرائم کے مرتکب افراد کو قانون کے مطابق سخت ترین انجام تک پہنچایا جائے گا۔ انہوں نے کہا کہ حکومت بلوچستان متاثرہ لیڈی ڈاکٹر اور ان کے اہل خانہ کے ساتھ مکمل یکجہتی کا اظہار کرتی ہے اور ان کی جلد و مکمل صحت یابی کے لئے دعا گو ہے۔

THE DAILY BAAKHABAR QUETTA

روزنامہ باخبر کوئٹہ

بانی اکرام اللہ خان

جلد 30 | اتوار 07 جون 2026ء بمطابق 21 ذوالحجۃ 1447ھ قیمت 20 روپے | شمارہ 155


# صوبائی حکومت خواتین کے تحفظ، وقار اور بنیادی حقوق کے دفاع کیلئے پرعزم ہے، وزیراعلیٰ

تیزاب گردی کے افسوسناک واقعے میں متاثر ہونے والی لیڈی ڈاکٹر کو اعلیٰ اور جدید طبی سہولیات کی فراہمی کے لیے کراچی منتقل کر دیا گیا ہے واقعے میں ملوث ملزم اپنے منطقی انجام کو پہنچ چکا ہے

**حکومت بلوچستان قانون کی عملداری پر کسی قسم کا سمجھوتہ نہیں کرے گی خواتین کے خلاف تشدد، ہراسگی اور جرائم میں ملوث عناصر کے لیے بلوچستان میں کوئی گنجائش نہیں، میر سرفراز بگٹی**

کوئٹہ (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کی خصوصی ہدایت پر تیزاب گردی کے افسوسناک واقعے میں متاثر ہونے والی لیڈی ڈاکٹر کو اعلیٰ اور جدید طبی سہولیات کی فراہمی کے لیے کراچی منتقل کر دیا گیا ہے متاثرہ لیڈی ڈاکٹر کو پیپلز ایئر ایمبولینس کے ذریعے ماہر ڈاکٹروں اور خصوصی طبی عملے کی نگرانی میں کراچی روانہ کیا گیا جہاں انہیں ملک کے ممتاز طبی ماہرین کی زیر نگرانی علاج اور خصوصی نگہداشت فراہم کی جائے گی انسانی ہمدردی پر مبنی اس مشن کی قیادت کیپٹن علی آزاد کر رہے ہیں وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی نے کہا ہے کہ حکومت بلوچستان متاثرہ لیڈی ڈاکٹر کے علاج، بحالی اور فلاح و بہبود کی مکمل ذمہ داری اٹھا رہی ہے اور اس مقصد کے لیے تمام دستیاب وسائل بروئے کار لائے جا رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ متاثرہ خاتون کو بہترین ممکنہ طبی سہولیات کی فراہمی حکومت کی اولین ترجیح ہے اور ان کے علاج میں کسی قسم کی کوتاہی برداشت نہیں کی جائے گی وزیراعلیٰ نے متعلقہ حکام کو ہدایت کی ہے کہ متاثرہ خاندان کے ساتھ مسلسل رابطے میں رہتے ہوئے انہیں ہر ممکن معاونت، سہولت اور رہنمائی فراہم کی جائے۔ انہوں نے اس امر پر بھی زور دیا کہ مریضہ کی صحت اور علاج سے متعلق پیش رفت کی باقاعدگی سے نگرانی کی جائے اور حکومت کو مسلسل آگاہ رکھا جائے میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ تیزاب گردی کا یہ واقعہ نہایت افسوسناک، انسانیت سوز اور معاشرتی اقدار کے منافی ہے۔ انہوں نے واضح کیا کہ واقعے میں ملوث ملزم اپنے منطقی انجام کو پہنچ چکا ہے اور حکومت بلوچستان قانون کی عملداری پر کسی قسم کا سمجھوتہ نہیں کرے گی وزیراعلیٰ نے کہا کہ خواتین کے خلاف تشدد، ہراسگی اور جرائم میں ملوث عناصر کے لیے بلوچستان میں کوئی گنجائش نہیں۔ حکومت خواتین کے تحفظ، وقار اور بنیادی حقوق کے دفاع کے لیے پرعزم ہے اور ایسے جرائم کے مرتکب افراد کو قانون کے مطابق سخت ترین انجام تک پہنچایا جائے گا انہوں نے کہا کہ حکومت بلوچستان متاثرہ لیڈی ڈاکٹر اور ان کے اہل خانہ کے ساتھ مکمل یکجہتی کا اظہار کرتی ہے اور ان کی جلد و مکمل صحت یابی کے لیے دعا گو ہے۔ حکومت اس امر کو یقینی بنائے گی کہ متاثرہ خاندان کو انصاف، تحفظ اور ہر ممکن ریاستی معاونت فراہم ہو۔

Daily AZADI Quetta

روزنامہ آزادی کوئٹہ

بانی صدیق بلوچ

جلد نمبر۔27 | اتوار 07 جون 2026ء بمطابق 21 ذوالحجہ 1447ھ قیمت 20 روپے | شمارہ نمبر۔152

# کوئٹہ سول ہسپتال میں لیڈی ڈاکٹر پر تیزاب حملہ ملزم پولیس مقابلے میں ہلاک

## کوئٹہ کے سول ہسپتال میں لیڈی ڈاکٹر پر تیزاب حملہ، حملے میں لیڈی ڈاکٹر شدید زخمی ہوئیں، ملزم پولیس مقابلے میں مارا گیا

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) کوئٹہ کے سول ہسپتال میں لیڈی ڈاکٹر پر تیزاب حملہ حملے میں لیڈی ڈاکٹر شدید زخمی جبکہ ڈاکٹر کی (بقیہ نمبر1 صفحہ نمبر2 پر)

مدد کرنے والا شخص بھی زخمی، ملزم موقع سے فرار، تاہم بعدازاں پولیس مقابلے میں ملزم مارا گیا، ادھر، اثناء کوئٹہ پولیس نے سول سنڈیمن ہسپتال میں لیڈی ڈاکٹر پر تیزاب پھینکنے والے ملزم کو فائرنگ کے تبادلے میں ہلاک کردیا ملزم کے قبضے سے اسلحہ برآمد کرکے نعش ہسپتال منتقل کردی گئی پولیس کے مطابق گزشتہ روز سول سنڈیمن ہسپتال میں ڈیوٹی پر مامور پوسٹ گریجویٹ ڈاکٹر ماہ نور [illegible] پر ایک نوجوان نے تیزاب پھینکا اور فرار ہوگیا جس سے اس کا چہرہ اور 35 فیصد جھلس گیا واقعہ کی اطلاع ملتے ہی ڈی آئی جی پولیس کوئٹہ اور دیگر پولیس حکام ہسپتال پہنچ گئے اور جائے وقوعہ سے ملنے والے شواہد کی روشنی میں ملزم ہمایوں شاہ ولد [illegible] کی شناخت کرکے جدید ٹیکنالوجی سے ملزم کا سراغ لگایا اور پولیس نے ملزم کو گرفتار کرنے کے لئے سریاب کے علاقے تھانہ [illegible] کے حدود میں ملزم نے گرفتاری سے بچنے کے لئے پولیس پر فائرنگ کردی پولیس کی جوابی کارروائی پر ملزم مارا گیا ایس ایچ او سول لائن کا کہنا ہے کہ فائرنگ کے تبادلے میں ہلاک ہونے والے ملزم کی نعش ہسپتال منتقل کردی گئی اور اس کے قبضے سے اسلحہ برآمد کرکے کارروائی شروع کردی گئی ہے۔

## حکومت بلوچستان متاثرہ لیڈی ڈاکٹر کے علاج، بحالی اور فلاح و بہبود کی مکمل ذمہ داری اٹھا رہی ہے، وزیراعلیٰ

کوئٹہ (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کی خصوصی ہدایت پر تیزاب گردی کے افسوسناک واقعے میں متاثر ہونے (بقیہ نمبر2 صفحہ نمبر2 پر)

والی لیڈی ڈاکٹر کو اعلیٰ اور جدید طبی سہولیات کی فراہمی کے لیے کراچی منتقل کردیا گیا ہے متاثرہ لیڈی ڈاکٹر کو چیلنجز ایئر ایمبولینس کے ذریعے ماہر ڈاکٹروں اور خصوصی طبی عملے کی نگرانی میں کراچی روانہ کیا گیا جہاں انہیں ملک کے ممتاز طبی ماہرین کی زیر نگرانی علاج اور خصوصی نگہداشت فراہم کی جائے گی انسانی ہمدردی پر مبنی اس مشن کی قیادت کیپٹن علی آزاد کررہے ہیں وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی نے کہا ہے کہ حکومت بلوچستان متاثرہ لیڈی ڈاکٹر کے علاج، بحالی اور فلاح و بہبود کی مکمل ذمہ داری اٹھا رہی ہے اور اس مقصد کے لیے تمام دستیاب وسائل بروئے کار لائے جا رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ متاثرہ خاتون کو بہترین ممکنہ طبی سہولیات کی فراہمی حکومت کی اولین ترجیح ہے اور ان کے علاج میں کسی قسم کی کوتاہی برداشت نہیں کی جائے گی وزیراعلیٰ نے متعلقہ حکام کو ہدایت کی ہے کہ متاثرہ خاندان کے ساتھ مسلسل رابطے میں رہتے ہوئے انہیں ہر ممکن معاونت، سہولت اور رہنمائی فراہم کی جائے۔ انہوں نے اس امر پر بھی زور دیا کہ مریضہ کی صحت اور علاج سے متعلق پیش رفت کی باقاعدگی سے نگرانی کی جائے اور حکومت کو مسلسل آگاہ رکھا جائے میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ تیزاب گردی کا یہ واقعہ نہایت افسوسناک، انسانیت سوز اور معاشرتی اقدار کے منافی ہے۔ انہوں نے واضح کیا کہ واقعے میں ملوث ملزم اپنے منطقی انجام کو پہنچ چکا ہے اور حکومت بلوچستان قانون کی عملداری پر کسی قسم کا سمجھوتہ نہیں کرے گی وزیراعلیٰ نے کہا کہ خواتین کے خلاف تشدد، ہراسگی اور جرائم میں ملوث عناصر کے لیے بلوچستان میں کوئی گنجائش نہیں۔ حکومت خواتین کے تحفظ، وقار اور بنیادی حقوق کے دفاع کے لیے پرعزم ہے اور ایسے جرائم کے مرتکب افراد کو قانون کے مطابق سخت ترین انجام تک پہنچایا جائے گا انہوں نے کہا کہ حکومت بلوچستان متاثرہ لیڈی ڈاکٹر اور ان کے اہل خانہ کے ساتھ مکمل یکجہتی کا اظہار کرتی ہے اور ان کی جلد و مکمل صحت یابی کے لیے دعاگو ہے۔ حکومت اس امر کو یقینی بنائے گی کہ متاثرہ خاندان کو انصاف، تحفظ اور ہر ممکن ریاستی معاونت فراہم ہو۔

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Bullet No. 1

Page No. 7


THE DAILY INTEKHAB (HUB)
روزنامہ انتخاب
I-3
قیمت 40 روپے
صفحات 8
www.dailyintekhab.pk
Hub Ph: 0853-363533
Karachi Ph: 021-32631089 & 32634518
جلد نمبر 38 | ہفتہ 06 جون 2026ء بمطابق 20 ذوالحجہ 1447ھ | شمارہ نمبر 153


# پنجگور، انٹیلی جنس بیسڈ آپریشن، 6 دہشتگرد ہلاک: آئی ایس پی آر

**وزیراعلیٰ کا فورسز کا خراج تحسین**

متعدد خفیہ ٹھکانے تباہ، دہشتگردوں کی شدید فائرنگ، فورسز کی بھرپور جوابی کارروائی، کلیئرنس آپریشن جاری، کارروائیاں جاری رہیں گی

**دہشتگرد بلوچستان کے امن، ترقی اور خوشحالی کے دشمن، مذموم عزائم کبھی کامیاب نہیں ہونگے، حکومت اور عوام سیکیورٹی فورسز کیساتھ ہیں: سرفراز بگٹی**

راولپنڈی/کوئٹہ (یو این اے + خ ن) سیکیورٹی فورسز نے بلوچستان کے سرحدی ضلع پنجگور میں کامیابی حاصل کرتے ہوئے انٹیلی جنس بیسڈ آپریشن کے دوران مبینہ طور پر 6 دہشت گردوں کو ہلاک اور ان کے متعدد خفیہ ٹھکانوں کو مکمل طور پر تباہ کر دیا۔ پاک فوج کے شعبہ تعلقات عامہ

بقیہ نمبر 42 صفحہ 7 پر

آئی ایس پی آر کی جانب سے جاری اعلامیے کے مطابق سیکیورٹی فورسز نے 3 اور 4 جون کی درمیانی شب پنجگور کے عمومی علاقے میں دہشت گردوں کی موجودگی کی مصدقہ اور خفیہ اطلاعات پر حساس آپریشن کا آغاز کیا گیا۔ آئی ایس پی آر کا کہنا ہے کہ آپریشن کے دوران سیکیورٹی فورسز نے انتہائی پیشہ ورانہ مہارت کا مظاہرہ کرتے ہوئے دہشت گردوں کے متعدد ٹھکانوں کو مؤثر اور ٹھوس انداز میں مسمار کیا۔ فورسز کے گھیرے میں آنے کے بعد دہشتگردوں نے شدید فائرنگ کی، جس پر فورسز کی بھرپور جوابی کارروائی میں 6 دہشتگرد موقع پر ہلاک ہو گئے۔ ترجمان پاک فوج کے مطابق علاقے میں کسی بھی دوسرے ممکنہ موجود باقی دہشت گردوں کے مکمل خاتمے کو یقینی بنانے کے لئے جنہ پانے پر کلیئرنس آپریشن بدستور جاری ہے۔ آئی ایس پی آر نے قومی عزم کا اعادہ کرتے ہوئے واضح کیا کہ ملک بھر میں عزم استحکام کے تحت ارض وطن سے دہشت گردی اور غیر ملکی پراکسیز کے خاتمے کے لئے سیکیورٹی فورسز کی یہ مسلسل اور مربوط کارروائیاں پوری قوت کے ساتھ جاری رہیں گی۔ ادھر وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی نے پنجگور میں سیکیورٹی فورسز کے کامیاب آپریشن پر اطمینان کا اظہار کرتے ہوئے بہادر افسروں اور جوانوں کی پیشہ ورانہ مہارت، حوصلہ و قربانیوں کو خراج تحسین پیش کیا۔ اپنے پیغام میں وزیراعلیٰ نے کہا کہ دہشت گرد عناصر بلوچستان کے امن، ترقی اور خوشحالی کے دشمن ہیں جن کے مذموم عزائم کبھی کامیاب نہیں ہوں گے۔ انہوں نے کہا کہ سیکیورٹی فورسز نے بروقت اور مؤثر کارروائی کرتے ہوئے دشمن کے ناپاک منصوبوں کو ناکام بنا دیا اور ایک مرتبہ پھر ثابت کیا کہ ریاستی ادارے ہر قسم کے خطرات سے نمٹنے کی مکمل صلاحیت رکھتے ہیں۔ میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ دہشت گرد عناصر بلوچستان میں بدامنی پھیلانے اور ترقی کا عمل سبوتاژ کرنے کی ناکام کوششوں میں مصروف ہیں لیکن قانون نافذ کرنے والے ادارے اور سیکیورٹی فورسز ان کے عزائم کے خلاف بھرپور کارروائیاں جاری رکھے ہوئے ہیں اور یہ کارروائیاں حتمی انجام تک پہنچائی جائیں گی۔ بلوچستان کے عوام اور حکومت دہشت گردی کے خلاف جنگ میں سیکیورٹی فورسز کے شانہ بشانہ کھڑے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ وطن کے دفاع اور عوام کے تحفظ کے لئے جانوں کا نذرانہ پیش کرنے والے شہداء اور ان کے اہل خانہ پوری قوم کا فخر ہیں۔

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Balochistan Times

92 NEWS MEDIA GROUP

balochistantimes.pk @balochistantimes.pk BTimes_pk

Regd No. B.C.6 VOL XLV No. 1479 QUETTA Sunday June 07, 2026 / Dhu'l-Hijjah 21, 1447 Rs: 3

# Bugti assures full support for acid attack victim doctor

## Lady Doctor shifted to Karachi for advanced medical care

**Staff Report**

QUETTA: On the special directives of Chief Minister Balochistan Mir Sarfraz Bugti the lady doctor injured in a tragic acid attack has been shifted to Karachi to ensure the provision of high-quality and advanced medical facilities.

Sarfraz Bugti emphasized that her health progress must be closely monitored and the government kept continuously informed.

On the Chief Minister's special instructions, the victim was shifted to Karachi via Peoples Air Ambulance, accompanied by expert doctors and specialized medical staff. The humanitarian mission was led by Captain Ali Azad, ensuring that the patient received continuous medical supervision during the transfer. In Karachi, she will be treated under the care of some of the country's leading medical specialists.

Sarfraz Bugti said that the Balochistan government is assuming full responsibility for the victim's treatment, rehabilitation, and welfare, deploying all available resources for her recovery. He stressed that providing the best possible medical facilities are the government's foremost priority and that no negligence will be tolerated.

The Chief Minister instructed authorities to remain in constant contact with the victim's family, offering them every possible assistance, facilitation, and guidance. He further directed that the patient's health and treatment progress be regularly monitored and reported to the government.

Sarfraz Bugti described the acid attack as a tragic, inhumane, and socially unacceptable act, noting that the perpetrator has already met his fate. He reaffirmed that the rule of law will not be compromised, and those involved in violence, harassment, or crimes against women will face the strictest punishment under the law.He declared that there is no place in Balochistan for elements involved in crimes against women, and the government is determined to safeguard women's dignity, rights, and protection. CM Sarfraz Bugti expressed solidarity with the victim and her family, praying for her swift recovery, and assured that the government will provide justice, security, and full state support. Chief Minister Balochistan Mir Sarfraz Bugti has expressed solidarity with the family of the female doctor who was subjected to an acid attack in Quetta. In a telephonic conversation with the victim's father on Saturday, the chief minister inquired about her condition and assured every possible support from the provincial government.

The prime suspect in the recent acid attack on a female doctor, Humayun Shah, was killed in a police encounter near Noshki bus stop after opening fire on law enforcers during a district-wide manhunt.Police said on Saturday that a search was underway across the district to arrest Shah when he was spotted near the bus stop. Instead of surrendering, the accused opened fire on personnel.

Home Minister, while briefing on the death of the main accused involved in the tragic acid attack incident that took place in the district, declared, "After the incident, law enforcement agencies have launched a thorough search and combing operation across the district to arrest the accused."

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: MASHRIQ QUETTA

Bullet No. 1

Dated: 07 JUN 2026

Page No. 10


# افسران عوامی مسائل کے حل میں سنجیدگی کا مظاہرہ کریں، شعیب نوشیروانی

وسائل کے موثر استعمال، شفاف مالیاتی نظام اور ترقیاتی منصوبوں کی بروقت تکمیل کیلئے عملی اقدامات جاری ہیں، صوبائی وزیر خزانہ

حکومت مالی نظم و ضبط کو یقینی بنانے کے ساتھ تعلیم، صحت، آبنوشی، زراعت اور بنیادی ڈھانچے کی ترقی پر خصوصی توجہ دے رہی ہے، وفود سے گفتگو

کوئٹہ (اے این این) صوبائی وزیر خزانہ بلوچستان میر شعیب نوشیروانی نے کہا ہے کہ بلوچستان کی پائیدار ترقی، مالی استحکام اور عوامی فلاح و بہبود حکومت کی اولین ترجیحات ہیں صوبائی وسائل کے موثر استعمال، شفاف مالیاتی نظام اور ترقیاتی منصوبوں کی بروقت تکمیل کیلئے عملی اقدامات جاری ہیں یہ بات انہوں نے مختلف وفود سے بات چیت کرتے ہوئے کہی انہوں نے کہا کہ موجودہ صوبائی حکومت مالی نظم و ضبط کو یقینی بنانے کے ساتھ ساتھ تعلیم، صحت، آبنوشی، زراعت اور بنیادی ڈھانچے کی ترقی پر خصوصی توجہ دے رہی ہے عوامی مفاد کے منصوبوں ......... بقیہ 41 صفحہ نمبر 7 پر

میں شفافیت اور معیار پر کوئی سمجھوتہ نہیں کیا جائے گا۔ میر شعیب نوشیروانی نے کہا کہ صوبے کے دور دراز علاقوں کو ترقی کے دھارے میں شامل کرنا حکومت کی پالیسی کا اہم حصہ ہے۔ اس مقصد کے لئے ترقیاتی فنڈز کو ترجیحی بنیادوں پر استعمال کیا جا رہا ہے تاکہ عوام کو بنیادی سہولیات ان کی دہلیز پر فراہم کی جا سکیں۔ وزیر خزانہ نے مزید کہا کہ نوجوانوں کو روزگار کے مواقع فراہم کرنے، سرمایہ کاری کے فروغ اور کاروباری سرگرمیوں کو وسعت دینے کیلئے جامع حکمت عملی پر عمل کیا جا رہا ہے۔ انہوں نے اس امید کا اظہار کیا کہ موثر مالی پالیسیوں اور ترقیاتی اقدامات کے ذریعے بلوچستان معاشی استحکام اور خوشحالی کی نئی منزلیں طے کرے گا۔ انہوں نے سرکاری افسران کو ہدایت کی کہ عوامی مسائل کے حل میں سنجیدگی اور ذمہ داری کا مظاہرہ کریں اور ترقیاتی منصوبوں کی رفتار کو مزید تیز کیا جائے تاکہ عوام حکومتی اقدامات کے ثمرات سے بھرپور استفادہ کر سکیں۔ عوامی و سماجی حلقوں نے وزیر خزانہ میر شعیب نوشیروانی کے مالیاتی نظم و نسق اور ترقیاتی وژن کو سراہتے ہوئے امید ظاہر کی کہ ان کی قیادت میں بلوچستان ترقی اور خوشحالی کی جانب مزید پیش رفت کرے گا۔

# قانون کو ہاتھ میں لینے کی اجازت کسی کو نہیں دی جائیگی، ضیاء لانگو

سول سنڈیمن ہسپتال کوئٹہ میں خاتون ڈاکٹر پر تیزاب گردی کا افسوسناک واقعہ انتہائی قابل مذمت اور انسانیت سوز عمل ہے

ملوث شخص کی گرفتاری کیلئے فوری ہدایات جاری کیں، حکومت متاثرہ خاندان کیساتھ کھڑی ہے، صوبائی وزیر داخلہ کا بیان

کوئٹہ (آن لائن) وزیر داخلہ بلوچستان میر ضیاء اللہ لانگو نے کوئٹہ کے سول ہسپتال میں خاتون ڈاکٹر پر تیزاب گردی کے افسوسناک واقعے کی شدید الفاظ میں مذمت کرتے ہوئے کہا ہے کہ ایسے گھناؤنے اور انسانیت سوز عمل کی کسی صورت اجازت نہیں دی جاسکتی واقعے کے فوری بعد پولیس کو ملزم کی گرفتاری کے لیے ہنگامی بنیادوں پر کارروائی کی ہدایت جاری کی گئی اپنے جاری کردہ بیان میں وزیر داخلہ میر ضیاء اللہ......... بقیہ 5 صفحہ نمبر 7 پر

لانگو نے کہا کہ خاتون ڈاکٹر پر تیزاب پھینکنے کے واقعے کے فوری نوٹس لیکر پولیس سمیت انتظامیہ کو ملوث شخص کی گرفتاری کے ہدایت جاری کی گئی پولیس نے بروقت اور موثر کارروائی کرتے ہوئے ملزم کا تعاقب کیا اور فائرنگ کے تبادلے میں ملوث ملزم ہلاک ہوگیا انہوں نے کہا کہ قانون ہاتھ میں لینے والوں کے ساتھ آہنی ہاتھوں سے نمٹا جائے گا اور معاشرے میں خوف و ہراس پھیلانے کی اجازت نہیں دی جائے گی

# کفایت شعاری مہم پر عملدرآمد، وزارتوں اور ڈویژنز سے رپورٹ طلب

تین ماہ کی بجٹ رپورٹ کے ساتھ مکمل اعداد و شمار پیش کرنے کی ہدایت

قومی اسمبلی سیکرٹریٹ نے ساڑھے 4ارب سے زائد کی بچت کی ہے

اسلام آباد (آئی این پی) وزیراعظم آفس نے تمام وزارتوں اور ڈویژن سے کفایت شعاری پر عملدرآمد کے حوالے سے تفصیلی رپورٹ مانگ لی۔ 3ماہ ......... بقیہ 34 صفحہ نمبر 7 پر

کی بجٹ رپورٹ کے ساتھ مکمل اعداد و شمار پیش کرنے کی ہدایت کی گئی ہے۔ میڈیا رپورٹ کے مطابق وزیراعظم آفس نے تمام وزارتوں اور ڈویژن سے تفصیل طلب کی ہے کہ 60فیصد سرکاری گاڑیاں گراؤنڈ کرنے سے کتنی بچت ہوئی؟ بجلی کے استعمال میں کمی سے ہونے والی بچت کی مکمل رپورٹ بھی مانگی گئی ہے۔ وزیراعظم آفس نے رواں ماہ ہی رپورٹ جمع کرانے کی ڈیڈ لائن دے دی۔ قومی اسمبلی سیکرٹریٹ نے سب سے پہلے رپورٹ جمع کرا دی۔ ذرائع کے مطابق قومی اسمبلی سیکرٹریٹ نے ساڑھے 4ارب سے زائد کی بچت کی ہے۔

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No. 2

Dated: 07 JUN 2026 Page No. 11

## بیٹیوں کی طرف میلی نظر ڈالنے والوں کی آنکھیں نکال لینگے، ڈی آئی جی پولیس

ڈاکٹر پر تیزاب پھینکنے والا نجی کمپنی کا ملازم، جدید ٹیکنالوجی کے ذریعے ملزم تک پہنچے، فائرنگ کے تبادلے میں ہلاک کر دیا

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) ڈپٹی انسپکٹر جنرل آف پولیس کوئٹہ لیفٹیننٹ (ر) عمران شوکت نے کہا ہے کہ سول ہسپتال میں لیڈی ڈاکٹر پر تیزاب پھینکنے والا ملزم الف آر پیٹر اور کی کمپنی کا ملازم تھا جس کو فوری طور پر جدید ٹیکنالوجی کے ذریعے ملزم تک پہنچے اور ملزم کو فائرنگ کے تبادلے کے بعد ہلاک کر دیا ملزم سے اسلحہ برآمد کرلیا گیا ہماری بیٹیوں کی طرف جو بھی میلی آنکھ سے دیکھے گا اس کی آنکھیں نکال دیں گے۔ پولیس عوام کے جان و مال کے تحفظ کو یقینی بنانے کے لئے تمام دستیاب وسائل بروئے کار لارہی ہے ان خیالات کا اظہار انہوں نے بلوچستان سول سنڈیمن ہسپتال میں ینگ ڈاکٹرز ایسوسی ایشن کے عہدیداروں سے گفتگو کرتے ہوئے کہی۔ اس موقع پر سیکرٹری صحت مجیب الرحمن پانیزئی، وزیر اعلیٰ بلوچستان کے سیاسی و میڈیا امور و معاون شاہد رند، ایس ایس پی آپریشن کوئٹہ محمد آصف، ایس پی صدر ڈویژن شفقت محمود، ایس پی سٹی ڈویژن آصف خلود سمیت دیگر بھی موجود تھے۔ ڈی آئی جی پولیس کوئٹہ نے کہا کہ جو ہماری بہن، بیٹی، ماں کی طرف بری نظر سے دیکھے گا یا اس پر حملہ کرنے کی جرات کرے گا قانون اس کے خلاف پوری قوت سے حرکت میں آئے گا اور ملزم اپنے منطقی انجام تک پہنچے گا کیونکہ ہر ملزم کو اپنے کئے کا حساب دینا ہوگا۔ انہوں نے کہا کہ آج کا واقعہ انتہائی افسوسناک اور غیر انسانی قابل مذمت فعل ہے جس نے بلوچستان کو رنجیدہ اور عوام کو مشتعل کر دیا ہے میں واقعہ کے کچھ وقت بعد ہی ہسپتال پہنچ گیا تھا اور پولیس نے ملنے والی معلومات اور جائے وقوعہ کے شواہد کی روشنی میں وقت ضائع کئے بغیر اداروں کے ساتھ ملکر ملزم کے شناختی کارڈ سے جدید ٹیکنالوجی سے استفادہ حاصل کرتے ہوئے ملزم کا فوری طور پر سراغ لگایا جیسے ہی پولیس ملزم کے قریب پہنچی تو اس نے پولیس پر فائرنگ کردی جوابی فائرنگ میں ملزم مارا گیا ہماری کوشش تھی کہ اسے زندہ گرفتار کرکے عدالت میں پیش کرکے قانون کے مطابق سزا دلوائی جاتی جو دوسروں کے لئے عبرت کا نشان ہوتا۔

## ایف آئی اے کا ملک بھر میں فنانشل ایکشن ٹاسک فورس ڈیسک قائم کرنے کا فیصلہ

کراچی (ثاقب صغیر) ایف آئی اے نے ملک بھر میں فنانشل ایکشن ٹاسک فورس ڈیسک قائم کرنے کا فیصلہ کیا ہے۔ حکام کے مطابق پاکستان کو 6 مختلف ٹاسک سے متعلق ایکشنز کی تفصیلات اکٹھی کی جائیں گی۔ جاری احکامات میں تمام ونگز اور زونز کو ایف اے ٹی ایف کے ٹاسک پر عملدرآمد کی ہدایت کی گئی ہے۔ ایف اے ٹی ایف ڈیسک کے لئے 7 ٹی او آرز پر مبنی پرفارما بھی احکامات کے ساتھ منسلک ہے۔ احکامات پر سات روز میں عملدرآمد رپورٹ پیش کرنے کی ہدایت کی گئی ہے۔

INTEKHAB QUETTA

## اسپتالوں میں سیکورٹی کیلئے بجٹ میں فنڈز مختص کردیے، سیکرٹری صحت

تمام وارڈز اور او پی ڈیز سمیت ہر مقام پر سیکورٹی گارڈز تعینات کیے جائیں گے، مجیب پانیزئی

کوئٹہ (آن لائن) سیکرٹری صحت بلوچستان مجیب الرحمن پانیزئی نے کہا کہ حکومت نے تمام اسپتالوں میں سیکورٹی کے نظام کو مضبوط بنانے اور مسائل کے حل کیلئے بجٹ میں فنڈز مختص کردیے ہیں، اس حوالے سے وزیر اعلیٰ بلوچستان سرفراز بگٹی سنجیدگی کے ساتھ کوششیں کررہے ہیں۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے سول سنڈیمن اسپتال میں میڈیا سے بات چیت کرتے ہوئے کیا۔ اس موقع پر بقیہ نمبر 2 صفحہ 5 پر

ڈی آئی جی پولیس کوئٹہ لیفٹیننٹ (ر) عمران شوکت، ایس ایس پی آپریشن کوئٹہ محمد آصف اور وزیر اعلیٰ کے سیاسی و میڈیا امور کے معاون شاہد رند بھی موجود تھے۔ سیکرٹری صحت مجیب الرحمن نے کہا کہ سول اسپتال میں روزانہ 5 ہزار سے زائد لوگ او پی ڈی میں مرض کی تشخیص اور علاج کی غرض سے آتے ہیں، موجودہ حکومت ڈاکٹرز کے حوالے سے ملنے والی تجاویز پر عملدرآمد کرتے ہوئے اسپتالوں کی سیکورٹی اور دیگر نظام کو بہتر بنانے کے لئے تمام دستیاب وسائل بروئے کار لارہی ہے، سیکورٹی اور دیگر معاملات کو بہتر بنانے کے لئے بجٹ مختص کردیا گیا ہے، متعلقہ حکام کے ساتھ ملکر ان چیزوں کو بہتر بنایا جائے گا تاکہ تمام وارڈز اور او پی ڈیز سمیت ہر مقام پر سیکورٹی گارڈز تعینات کیے جاسکیں۔

MASHRIQ QUETTA

## ٹیکس قوانین کی خلاف ورزی پر کاروباری مراکز سیل کیے جاسکتے ہیں، بی آر اے

ٹیکس قوانین کی تعمیل نہ صرف قانونی ذمہ داری بلکہ شفاف کاروباری ماحول وصوبے کی معاشی ترقی کیلئے بھی ناگزیر ہے، چیئرپرسن

کاروباری مراکز اپنی رجسٹریشن، بروقت ریٹرن فائلنگ، ٹیکس ادائیگی، POS انٹیگریشن اور ٹیکس قوانین کی مکمل پابندی یقینی بنائیں، حکام

کوئٹہ (آئی این پی) بلوچستان ریونیو اتھارٹی (BRA) نے سیلز ٹیکس آن سروسز قوانین پر عملدرآمد یقینی بنانے کیلئے جاری انفورسمنٹ مہم کے تحت کارروائی کرتے ہوئے ایئرپورٹ روڈ پر واقع وکٹوریہ پیلس کی انتظامیہ کو لازمی رجسٹریشن مکمل نہ کرنے پر نوٹس جاری کردیا حکام نے خبردار کیا ہے کہ ٹیکس قوانین کی خلاف ورزی کی صورت میں کاروباری مراکز کو سیل کرنے سمیت دیگر قانونی اقدامات کیے جاسکتے ہیں تفصیلات کے مطابق وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی اور وزیر خزانہ میر شعیب نوشیروانی کے وژن جبکہ بلوچستان ریونیو اتھارٹی (BRA)....... بقیہ 58 صفحہ نمبر 7 پر

کی چیئرپرسن کی ہدایات پر ٹیکس قوانین کے نفاذ کیلئے جاری مہم کے تحت بی آر اے کی ٹیم نے ایئرپورٹ روڈ پر واقع وکٹوریہ پیلس کا دورہ کیا۔ دورے کے دوران بلوچستان ریونیو اتھارٹی کے ساتھ لازمی رجسٹریشن مکمل نہ کرنے پر انتظامیہ کو نوٹس جاری کیا گیا۔ بی آر اے حکام نے انتظامیہ کو آگاہ کیا کہ بلوچستان سیلز ٹیکس آن سروسز ایکٹ 2015ء کے تحت تمام قابل ٹیکس سروس فراہم کنندگان کیلئے بی آر اے کے ساتھ رجسٹریشن، مقررہ مدت کے اندر ٹیکس ریٹرنز کی فائلنگ، واجب الادا ٹیکس کی ادائیگی اور کاروباری ریکارڈ کی مناسب دیکھ بھال قانونی تقاضے ہیں۔ حکام کے مطابق ٹیکس قوانین کی تعمیل نہ صرف قانونی ذمہ داری ہے بلکہ شفاف کاروباری ماحول اور صوبے کی معاشی ترقی کیلئے بھی ناگزیر ہے۔ اتھارٹی نے واضح کیا کہ مقررہ مدت کے اندر رجسٹریشن مکمل نہ کرنے اور دیگر قانونی تقاضوں پر عملدرآمد نہ ہونے کی صورت میں قانون کے مطابق کاروباری مرکز کو سیل کرنے، بینک اکاؤنٹس اٹیچ کرنے اور دیگر قانونی کارروائیاں عمل میں لائی جاسکتی ہیں۔ بلوچستان ریونیو اتھارٹی نے تمام ہوٹلز، ریسٹورنٹس، میرج ہالز، منڈپ، شامیانہ سروسز اور دیگر قابل ٹیکس سروس فراہم کنندگان سے اپیل کی ہے کہ وہ اپنی رجسٹریشن، بروقت ریٹرن فائلنگ، ٹیکس ادائیگی، POS انٹیگریشن اور ٹیکس قوانین کی مکمل پابندی کو یقینی بنائیں تاکہ کسی بھی قسم کی قانونی کارروائی اور کاروباری مشکلات سے بچا جاسکے۔

CamScanner

**CLIPPING SERVICE**

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Bullet No. 3

Daily: JANG QUETTA

Dated: 07 JUN 2026

Page No. 13

## بلوچستان میں امن وامان کی صورتحال انتہائی تشویشناک ہوچکی، ہدایت الرحمٰن

**سول اسپتال میں ڈاکٹر پر تیزاب حملے اور بعدازاں مبینہ ملزم کی پولیس مقابلے میں ہلاکت نے کئی سوالات کو جنم دیا ہے**

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) امیر جماعت اسلامی بلوچستان ایم پی اے مولانا ہدایت الرحمٰن بلوچ نے کہا ہے کہ ناقص حکمرانی کے باعث بلوچستان میں امن وامان کی صورتحال انتہائی تشویشناک ہوچکی ہے، شاہراہوں پر مسافر، تعلیمی اداروں میں طلباء و طالبات، اسپتالوں میں ڈاکٹر اور شہروں میں عام شہری خود کو غیر محفوظ محسوس کررہے ہیں، عوام عدم تحفظ، پریشانی اور مشکلات کے باعث شدید ذہنی اذیت سے دوچار ہیں۔ یہ بات انہوں نے گوادر میں مختلف تقریبات سے خطاب اور وفود سے ملاقاتوں کے دوران بات چیت کرتے ہوئے کہی۔ مولانا ہدایت الرحمٰن بلوچ نے کہا کہ بلوچستان میں بدامنی، جرائم اور بدعنوانی نے عوام کی زندگی اجیرن بنادی ہے۔ صوبے کے عوام یہ سوال کرنے میں حق بجانب ہیں کہ ان کی جان ومال کے تحفظ کی ذمہ داری کس کی ہے۔ انہوں نے کہا کہ کوئٹہ کے سول اسپتال میں ڈاکٹر پر تیزاب حملے کے واقعے اور بعدازاں مبینہ ملزم کی پولیس مقابلے میں ہلاکت نے کئی سوالات کو جنم دیا ہے، ایسے حساس معاملات میں حقائق سامنے لانا اور عوام کا اعتماد بحال کرنا حکومت اور متعلقہ اداروں کی ذمہ داری ہے۔ انہوں نے کہا کہ ہزاروں سیکیورٹی کیمروں، اربوں روپے کے اخراجات اور سیف سٹی منصوبوں کے دعوؤں کے باوجود کہیں موثر سیکیورٹی انتظامات نظر نہیں آتے، اگر عوام خود کو غیر محفوظ محسوس کریں تو یہ حکومتی کارکردگی پر سوالیہ نشان ہے۔ حکومت اور قانون نافذ کرنے والے اداروں کو صرف بیانات اور وقتی اعلانات تک محدود رہنے کے بجائے عملی اور موثر اقدامات کرنا ہوں گے تاکہ عوام کا اعتماد بحال ہو۔ صوبے میں امن وامان کے قیام، جرائم کے روک تھام، عوام کی جان ومال کے تحفظ اور اداروں کی کارکردگی بہتر بنانے کے لیے فوری، سنجیدہ اور نتیجہ خیز اقدامات کی ضرورت ہے۔

## اے این پی نے دس جون کو شٹر ڈاؤن ہڑتال کی حمایت کردی

**سانحہ زہری ایک افسوسناک واقعہ ہے جس کے خلاف تمام سیاسی جماعتوں اور عوام کو متحد ہوکر آواز بلند کرنی چاہیے، اصغر اچکزئی**

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) عوامی نیشنل پارٹی کے صوبائی صدر اصغر خان اچکزئی سے بلوچستان نیشنل پارٹی کے مرکزی وفد نے ملاقات کی۔ وفد کی قیادت بی این پی کے رکن مرکزی کمیٹی میر غلام نبی مری کررہے تھے جبکہ میر مقبول لہڑی چیئرمین جاوید بلوچ اور میر غفور مینگل بھی وفد میں شامل تھے جبکہ اس موقع پر عوامی نیشنل پارٹی کے مرکزی سیکرٹری رشید خان ناصر رکن مرکزی کمیٹی ثناءاللہ کاکڑ بھی موجود تھے ملاقات کے دوران سانحہ زہری اور بلوچستان کی مجموعی سیاسی صورتحال پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا اس موقع پر بلوچستان نیشنل پارٹی کے وفد نے 10 جون کو سانحہ زہری کے خلاف بی این پی کی جانب سے دی گئی شٹر ڈاؤن ہڑتال کی کال کی حمایت کی درخواست کی عوامی نیشنل پارٹی کے صوبائی صدر اصغر خان اچکزئی نے بلوچستان نیشنل پارٹی کی جانب سے اعلان کردہ شٹر ڈاؤن ہڑتال کی مکمل حمایت کا اعلان کرتے ہوئے کہا کہ سانحہ زہری ایک افسوسناک واقعہ ہے جس کے خلاف تمام سیاسی جماعتوں اور عوام کو متحد ہوکر آواز بلند کرنی چاہیے انہوں نے تاجر برادری کاروباری حلقوں اور عوام سے اپیل کی کہ وہ 10 جون کو سانحہ زہری کے خلاف اپنے کاروبار بند رکھ کر شٹر ڈاؤن ہڑتال کو کامیاب بنائیں۔

## شہید شینگل ترین کے قاتلوں کو کیفر کردار تک پہنچایا جائے، بلاول بھٹو

کوئٹہ (این این آئی) پاکستان پیپلز پارٹی کے چیئرمین بھٹو زرداری نے پاکستان پیپلز پارٹی بلوچستان کے ضلع ہرنائی کے جنرل سیکریٹری شینگل خان ترین کے قتل پر دکھ وافسوس کا اظہار کرتے ہوئے شہید شین گل خان ترین کے قتل کی مذمت کی ہے۔ ایک بیان میں بلاول بھٹو زرداری نے کہا کہ شہید شینگل خان ترین کی پارٹی اور جمہوریت کیلئے جدوجہد ہمیشہ یاد رکھی جائیں گی۔ چیئرمین بلاول بھٹو زرداری نے شینگل خان ترین شہید کے سوگوار خاندان سے پردلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کیا۔ انہوں نے ہدایت کی کہ شہید شینگل خان ترین کے قاتلوں کو کیفر کردار تک پہنچایا جائے۔

MASHRIQ QUETTA

## لیڈی ڈاکٹر پر تیزاب پھینکنے کا واقعہ بزدلانہ فعل ہے، نیشنل پارٹی

**ملزم کی پولیس مقابلے میں ہلاکت سے کئی سوالات جنم لے رہے ہیں**

**واقعہ کی شفاف اور غیر جانبدارانہ تحقیقات کرائی جائے، مرکزی ترجمان**

کوئٹہ (یو این اے) نیشنل پارٹی کے مرکزی ترجمان نے اپنے جاری کردہ بیان میں سنڈیمن ہسپتال میں لیڈی ڈاکٹر پر تیزاب پھینکنے کے افسوسناک واقعے کی شدید الفاظ میں مذمت کرتے ہوئے کہا ہے کہ یہ انسانیت سوز اور بزدلانہ فعل نہ صرف ایک فرد پر حملہ ہے بلکہ مجموعی طور پر خواتین کے خلاف موجود منفی سماجی رویوں اور عدم تحفظ کی عکاسی بھی کرتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ ایسے واقعات اس بات کا ثبوت ہیں کہ خواتین آج بھی مختلف شعبہ ہائے زندگی میں اپنے فرائض کی انجام دہی کے دوران خطرات اور عدم تحفظ کا سامنا کر رہی ہیں؛ خصوصاً .......... بقیہ 61 صفحہ نمبر 7 پر

صحت، تعلیم اور دیگر عوامی خدمات کے شعبوں سے وابستہ خواتین کو محفوظ اور باعزت ماحول فراہم کرنا حکومت کی اولین اور بنیادی ذمہ داری ہے۔ ترجمان نے اپنے بیان میں ملزم کی ہلاکت پر تحفظات کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ واقعہ میں ملوث شخص کی پولیس مقابلے میں ہلاکت بھی کئی سوالات کو جنم دے رہی ہے، اس لئے ضروری ہے کہ اس پورے سانحے کے تمام پہلوؤں اور اصل محرکات کی شفاف، غیر جانبدارانہ اور مکمل تحقیقات کی جائیں تاکہ اصل حقائق عوام کے سامنے آسکیں اور اگر اس واقعہ کے پیچھے کسی اور فرد یا گروہ کا کردار موجود ہے تو اس کی بھی نشاندہی ہوسکے۔ نیشنل پارٹی نے مطالبہ کیا کہ متاثرہ لیڈی ڈاکٹر کو ہر ممکن بہترین طبی سہولیات فراہم کی جائیں اور واقعہ کی تحقیقات کو منطقی انجام تک پہنچایا جائے، جبکہ انہوں نے متاثرہ لیڈی ڈاکٹر اور ان کے اہل خانہ سے دلی ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے ان کی جلد اور مکمل صحت یابی کیلئے نیک خواہشات کا اظہار بھی کیا۔

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Bullet No. 3

Daily: MASHRIQ QUETTA

Dated: 07 JUN 2026

Page No. 14


# حکمران صوبے کو مزید تباہی کی جانب لے جارہے ہیں آل پارٹیز کانفرنس

ملازمین تاحال ڈی آر اے سے محروم' حکومت نے گرینڈ الائنس کے مطالبات کو سنجیدگی سے نہیں لیا' اصغر خان اچکزئی' ڈاکٹر اسحاق بلوچ

حکومت فوری طور پر اے پی سی اور گرینڈ الائنس کے درمیان طے معاملات کا نوٹیفکیشن جاری کرے' نصر اللہ زیرے' غلام نبی مری

بی این پی کی طرف سے 10 جون کو صوبے بھر میں شٹر ڈاؤن ہڑتال کی مکمل حمایت کا اعلان کرتے ہیں' رہنماؤں کی پریس کانفرنس

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) آل پارٹیز کانفرنس کے رہنماء اصغر خان اچکزئی نے کہا ہے کہ حکومت گرینڈ الائنس کے ڈی آر اے سمیت دیگر تسلیم شدہ مطالبات کا نوٹیفکیشن جاری کرے گرینڈ الائنس کے 10 جون کو آئندہ کے لائحہ عمل کی حمایت کرتے ہوئے ان کا بھرپور ساتھ دیں گے 10 جون کو بی این پی کی جانب سے صوبے بھر میں دی جانے والی شٹر ڈاؤن ہڑتال کی کال کی حمایت کرتے ہیں ان خیالات کا.......... بقیہ 62 صفحہ نمبر 7 پر

اظہار انہوں نے ہفتہ کو نیشنل پارٹی کے دفتر میں اے پی سی کے رہنماؤں اور گرینڈ الائنس کے عہدیداروں کے مشترکہ اجلاس کے بعد ہونے والے فیصلوں کے حوالے سے کوئٹہ پریس کلب میں پریس کانفرنس کے دوران کیا اس موقع پر نیشنل پارٹی کے مرکزی رہنماء ڈاکٹر اسحاق بلوچ، پشتونخوا نیشنل عوامی پارٹی کے نصر اللہ زیرے، بی این پی کے میر غلام نبی مری، این ڈی ایم کے احمد جان خان اور نیشنل پارٹی کے داد محمد بلوچ سمیت دیگر بھی موجود تھے

# بلوچستان کمیشن آن اسٹیٹس آف ویمن کا تیزاب گردی کا نوٹس

چیئر پرسن کرن بلوچ کا وزیر صحت اور دیگر متعلقہ حکام سے رابطہ

خاتون ڈاکٹر ماہ نور ناصر کی اعلیٰ علاج کیلئے کراچی منتقلی پر اطمینان کا اظہار

کوئٹہ (آن لائن) بلوچستان کمیشن آن اسٹیٹس آف ویمن کی چیئر پرسن کرن بلوچ نے سول ہسپتال کوئٹہ میں زیر علاج خاتون ڈاکٹر ماہ نور ناصر پر ہونے والے تیزاب حملے کا نوٹس لیتے ہوئے صوبائی وزیر صحت بخت محمد کاکڑ اور متعلقہ حکام سے رابطہ کیا، انہوں نے واقعہ کی تفصیلات اور متاثرہ ڈاکٹر کے علاج و معالجے سے متعلق معلومات حاصل کیں۔ انہوں نے متاثرہ ڈاکٹر کو صوبائی حکومت کی جانب سے فراہم کی جانے والی طبی سہولیات.......... بقیہ 30 صفحہ نمبر 7 پر

اور پیپلز ایئر ایمبولنس کے ذریعے کراچی منتقل کرنے کے انتظامات پر اطمینان کا اظہار کیا۔ کرن بلوچ نے کہا کہ وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کی ہدایت پر واقعے کے بعد حکومت نے بروقت اور موثر اقدامات کیا اور فوری طور پر متاثرہ ڈاکٹر کو سرکاری خرچ پر علاج کیلئے کراچی بھجوایا۔

# سانحہ سول ہسپتال، ویڈیو وائرل، عوام میں شدید غم وغصہ

قانون نافذ کرنیوالے ادارے فوٹیج کا فرانزک جائزہ لے رہے ہیں

کوئٹہ (یو این اے) صوبائی دارالحکومت کوئٹہ کے سول ہسپتال میں دوران ڈیوٹی خاتون ڈاکٹر ماہ نور ناصر پر ہونے والے ہولناک تیزاب گردی کے واقعے کی مبینہ سی سی ٹی وی فوٹیج سامنے آنے کے بعد پورے صوبے میں شدید غم و غصے اور تشویش کی لہر دوڑ گئی ہے.......... بقیہ 31 صفحہ نمبر 7 پر

۔ سوشل میڈیا پر گردش کرنے والی اس فوٹیج میں ایک مشتبہ شخص کو واقعے کے وقت ہسپتال کے احاطے میں دیکھا جا سکتا ہے، جبکہ قانون نافذ کرنے والے ادارے اس فوٹیج کی مدد سے تفتیش کو آگے بڑھا رہے ہیں۔ ذرائع کے مطابق سول ہسپتال کوئٹہ میں اپنی پیشہ ورانہ ذمہ داریاں انجام دینے والی پی جی ڈاکٹر ماہ نور ناصر معمول کے مطابق مریضوں کے علاج میں مصروف تھیں کہ اسی دوران ایک شخص نے ان پر تیزاب پھینک دیا

CamScanner

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ حکومت بلوچستان

Bullet No. 4

Daily: JANG QUETTA

Dated: 07 JUN 2026

Page No. 15


## کزن کی جگہ جسمانی فٹنس ٹیسٹ دینے کی کوشش کرنے والا گرفتار

**سب انسپکٹر، اے ایس آئی اور کانسٹیبل کے ٹیسٹ کے دوران جعلی امیدوار دستاویزات کی جانچ پڑتال کے دوران پکڑا گیا**

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) ایف آئی اے فزیکل ٹیسٹ میں دھوکہ دہی کی کوشش ناکام، جعلی امیدوار رنگے ہاتھوں گرفتار کرلیا۔ ایف آئی اے ذرائع کے مطابق کوئٹہ میں ایف آئی اے اینٹی کرپشن سرکل نے کوئٹہ کے ایوب اسٹیڈیم اسپورٹس کمپلیکس میں جاری سب انسپکٹر، اے ایس آئی اور کانسٹیبل کے ٹیسٹ کے دوران امتحانی مرکز سے جعلی امیدوار کو گرفتار کرلیا ملزم اپنے کزن کی جگہ غیر قانونی طور پر جسمانی فٹنس ٹیسٹ دینے کی کوشش کر رہا تھا۔ ترجمان کے مطابق تصدیقی کاؤنٹر پر فیس میچنگ اور دستاویزات کی جانچ پڑتال کے دوران جعل سازی پکڑی گئی۔ دوران تفتیش ملزم نے کزن کو دھوکہ دہی سے نوکری دلوانے کے لیے ٹیسٹ دینے کا اعتراف کرلیا۔

## پشین: دو گروہوں میں فائرنگ ایک شخص جاں بحق، 2 زخمی

پشین (نامہ نگار) کلی شخالزئی میں دو فریقین کے درمیان لڑائی کے دوران فائرنگ کے نتیجے میں ایک شخص جاں بحق جبکہ دو افراد زخمی ہوگئے۔ تفصیلات کے مطابق مطابق کلی شخالزئی میں لڑائی جھگڑے کے دوران ایک گروپ کی فائرنگ سے مخالف فریق کے احسان اللہ جاں بحق جبکہ مقتول کا بھائی سعد اللہ اور ایک راہگیر زخمی ہوگیا، پولیس تھانہ قلعہ خوشدل خان ملکیار کے عملے نے موقع پر پہنچ کر دو ملزمان فتح جان اور سخی جان کو گرفتار کرلیا جبکہ زخمیوں کو طبی امداد کے لیے قریبی ہسپتال منتقل کر دیا گیا ہے۔ واقعے کی مزید تحقیقات جاری ہیں۔

## پنجگور میں جھل مگسی کے رہائشی کو گولی ماردی گئی

پنجگور (نامہ نگار) سرادک کے مقام پر ایک گاڑی میں سوار نامعلوم افراد کی فائرنگ سے ایک شخص جاں بحق ہوگیا۔ جس کی شناخت جھل مگسی کے رہائشی زبیر کے نام سے ہوئی ہے۔ وہ خضدار سے موٹر سائیکل پر اپنے دیگر دوستوں کے ساتھ مزدوری کے لیے گوادر جارہا تھا۔ مسلح افراد اس کا موٹر سائیکل اور موبائل بھی لے کر فرار ہوگئے۔ لاش کو ٹیچنگ ہسپتال منتقل کر کے پولیس نے کارروائی اور تفتیش شروع کردی۔

## تربت کے علاقے نوکہن سے لاش برآمد

تربت (نامہ نگار) کلاتک کے علاقے نوکہن سے نوجوان کی لاش برآمد ہوئی ہے جس کی شناخت حماد ولد ماسٹر نذیر، سکنہ نودز حال کلاتک کے نام سے کی گئی ہے جسے گولیاں مار کر قتل کیا گیا ہے۔


MASHRIQ QUETTA


## پسنی 2، کیچ سے 1 لاش برآمد دیگر واقعات میں 3 افراد ہلاک 9 زخمی

**پسنی، کیچ سے ملنے والی لاشوں کی شناخت استاد محمد سراج کلانچی، سردل اور عطاء اللہ کے نام سے ہوئی، نعشیں ورثاء کے حوالے کردی گئیں**

وڈھ دہیر قومی شاہراہ پر موٹر سائیکلوں کے درمیان تصادم کے نتیجے میں میر محمد، ڈیرہ بگٹی میں فائرنگ سے میر حسن اور محمد حسن عرف مٹھو ہلاک

**ڈیرہ مراد جمالی و فلیجی میں فائرنگ کے واقعات و حادثات میں خاتون سمیت 8 افراد شدید زخمی ہوگئے، پولیس واقعات کی تحقیقات کررہی ہے**

کوئٹہ / پنجگور / ڈیرہ بگٹی (این این آئی + یو این اے + آن لائن) گوادر کے علاقے پسنی سے دو افراد کی لاشیں برآمد، پولیس کے مطابق ہفتہ کو کران کوسٹل ہائی وے پر چربندن کراس کے قریب سے دو افراد کی لاشیں برآمد ہوئی ہیں جن کی شناخت استاد محمد سراج کلانچی اور سردل ولد شیر محمد کے ناموں سے ......... بقیہ 33 صفحہ نمبر 7 پر

ہوئی ہے۔ پولیس نے لاشوں کو تحویل میں لیکر ہسپتال منتقل کردیا جہاں ضروری کارروائی کے بعد لاشیں ورثاء کے حوالے مزید کارروائی جاری ہے دریں اثناء این این آئی کے مطابق ضلع کیچ کے علاقے دشت سے ایک شخص کی لاش برآمد۔ پولیس کے مطابق ہفتہ کو دشت کے علاقے کھڈان سے ایک شخص کی لاش ملی جس کی شناخت عطاء اللہ کے نام سے ہوئی ہے۔ پولیس نے لاش کو تحویل میں لیکر ہسپتال منتقل کردیا جہاں ضروری کارروائی کے بعد لاش ورثاء کے حوالے کردی گئی

## موسیٰ خیل میں نامعلوم افراد کی فائرنگ سے صحافی جاں بحق

**لالا اسرائیل نجی ٹی وی سے منسلک تھے، نعش ورثاء کے حوالے کردی گئی**

موسیٰ خیل (م ڈ) موسیٰ خیل میں نامعلوم افراد کی فائرنگ سے صحافی لالا اسرائیل جاں بحق، موصوف کو موسیٰ خیل بازار میں اپنی دوکان کے باہر فائرنگ کا نشانہ ......... بقیہ 11 صفحہ نمبر 7 پر

بنایا گیا، موسیٰ خیل: فائرنگ سے لالا اسرائیل موقع پر جان کی بازی ہار گئے۔ پولیس حکام کے مطابق مقتول کو 6 گولیاں لگی تھی، فائرنگ کے بعد ملزمان فرار، تلاش جاری۔ لاش پوسٹ مارٹم کیلئے سول ہسپتال منتقل۔ لالا اسرائیل نجی ٹی وی سے منسلک تھے۔

## ایف سی ساؤتھ کی کارروائی 240 غیرقانونی افغان باشندے گرفتار

ایف سی اہلکاروں نے امری چاہ اور دربن چاہ میں کامیاب کارروائی کرتے ہوئے انسانی سمگلنگ کی ایک بڑی کوشش ناکام بنادی

**گرفتار افراد انسانی سمگلروں کے ذریعے پاکستان کے راستے ایران، ترکی اور دیگر یورپی ممالک جانے کی کوشش کررہے تھے، حکام**

نوکنڈی (اے این این) ایف سی بلوچستان (ساؤتھ) نے ضلع چاغی کے علاقوں امری چاہ اور دربن چاہ میں کامیاب کارروائی کرتے ہوئے انسانی سمگلنگ کی ایک بڑی کوشش ناکام بنادی کارروائی کے دوران 240 غیر قانونی افغان باشندوں کو گرفتار کرلیا گیا۔ ایف سی حکام کے مطابق گرفتار ......... بقیہ 21 صفحہ نمبر 7 پر

افراد انسانی سمگلروں کے ذریعے پاکستان کے راستے ایران، ترکی اور دیگر یورپی ممالک جانے کی کوشش کر رہے تھے۔ کارروائی نوکنڈی اور دالبندین کے مختلف مقامات پر خفیہ اطلاعات کی بنیاد پر عمل میں لائی گئی۔ حکام کا کہنا ہے کہ افغانستان سے تعلق رکھنے والے افراد بہتر روزگار اور معاشی مواقع کی تلاش میں انسانی سمگلروں کے جھانسے میں آکر غیر قانونی راستوں سے بیرون ملک جانے کی کوشش کرتے ہیں

## پٹیل روڈ: مسلح افراد کی فائرنگ، 3 پولیس اہلکار زخمی

**پولیس نے موٹر سائیکل سواروں کو روکا، ملزمان نے فائرنگ کردی**

کوئٹہ (یو این اے) صوبائی دارالحکومت کوئٹہ کے علاقے پٹیل روڈ پر دو مسلح نقاب پوش موٹر سائیکل سوار افراد کی فائرنگ سے تین پولیس اہلکار زخمی ہو گئے ہیں۔ پولیس ذرائع کے مطابق پٹیل روڈ پر معمول کے گشت کے دوران جب پولیس نے ایک موٹر سا......... بقیہ 19 صفحہ نمبر 7 پر

ئیکل پر سوار دو مشکوک نقاب پوش افراد کو روکنے کی کوشش کی، تو ملزمان نے رکنے کے بجائے اہلکاروں پر اندھا دھند فائرنگ کردی، جس کے نتیجے میں دو پولیس اہلکار زخمی جبکہ ایک اہلکار شدید زخمی ہو گیا۔ واقعے کے فوراً بعد ملزمان فائرنگ کرتے ہوئے موقع سے فرار ہونے میں کامیاب ہوگئے، جبکہ زخمی ہونے والے تمام اہلکاروں کو فوری طور پر طبی امداد کے لیے اسپتال منتقل کردیا گیا ہے جہاں انہیں علاج فراہم کیا جارہا ہے


CamScanner

# منی پیٹرول پمپ مافیا

صوبائی دارالحکومت کوئٹہ میں منی پیٹرول پمپ مافیا نے اپنی من مانیاں شروع کر رکھی ہیں وہ عوام کو مہنگے داموں پیٹرول فروخت کر کے دونوں ہاتھوں سے لوٹ رہے ہیں چونکہ ان کا کوئی مکینزم نہیں ہے اس لیے وہ پورے عروج سے من مانیاں کر رہے ہیں۔ وہ ایرانی پیٹرول کی قیمتوں کا اجراء اپنی مرضی سے کرتے ہیں۔ انہوں نے پیٹرول کی قیمت میں من مانا اضافہ کرتے ہوئے 400 روپے فی لیٹر میں فروخت کرنا شروع کر رکھا ہے جو کہ صوبے کی تاریخ میں بلند ترین ریٹ ہے۔ اس عمل پر عوامی حلقوں میں شدید تشویش پائی جا رہی ہے کیونکہ ان کو ایرانی پیٹرول میں بڑا ریلیف مل رہا تھا جو ان سے چھین لیا گیا ہے جو کہ عوام کے لیے بہت بڑی زیادتی کے مترادف اقدام ہے۔

وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کے احکامات اور عوامی شکایات پر ڈپٹی کمشنر کوئٹہ مہراللہ بادینی کی ہدایت پر منی پیٹرول پمپ مافیا کے خلاف بڑا کریک ڈاؤن کیا گیا اس موقع پر 68 منی پیٹرول پمپ سیل کر کے 152 افراد کو گرفتار کر کے جیل منتقل کر دیا گیا۔ کریک ڈاؤن ضلع بھر میں بڑے پیمانے پر کیا گیا۔ یہ کاروائیاں سب ڈویژن سٹی، صدر، سریاب اور کچلاک میں کی گئیں۔ ضلعی انتظامیہ کے مطابق عوامی شکایات پر مہنگے داموں پیٹرول فروخت کرنے والوں اور غیر قانونی کاروبار میں ملوث عناصر کیخلاف بلاامتیاز کاروائیاں جاری رہیں گی۔ ڈپٹی کمشنر کوئٹہ مہراللہ بادینی نے واضح کیا کہ ناجائز منافع خوروں اور ذخیرہ اندوزوں کیساتھ آہنی ہاتھوں سے نمٹا جائے گا اس سلسلے میں شہریوں کے مفادات کے تحفظ پر کسی قسم کا سمجھوتہ نہیں کیا جائے گا۔

ہم سمجھتے ہیں کہ وزیراعلیٰ بلوچستان کے احکامات اور ڈپٹی کمشنر کوئٹہ کی ہدایت پر منی پیٹرول پمپ مافیا کے خلاف بڑے کریک ڈاؤن کا آغاز قابل تعریف اقدام ہے۔ ضلعی انتظامیہ نے یہ عوامی مفاد میں بہتر کام کیا ہے کیونکہ منی پیٹرول پمپ مافیا نے تو اس سلسلے میں انتہا کر دی۔ انہوں نے پیٹرول کے من مانے نرخ مقرر کر کے عوام کو دونوں ہاتھوں سے لوٹنا شروع کر دیا ہے چونکہ ان پر چیک اینڈ بیلنس کا کوئی نظام رائج نہیں ہے اس لیے من مانیاں کر رہے ہیں۔ ضلعی انتظامیہ کی جانب سے اس ضمن میں کچھ منی پیٹرول پمپس کو سیل کرنا اور مالکان کو جیل بھیجنے سے یہ مسئلہ حل نہیں ہوگا یہ لوگ دوبارہ سرگرم ہو کر کیا گیا جرمانہ ڈبل کی صورت میں عوام سے وصول کر لیتے ہیں۔ ڈپٹی کمشنر کوئٹہ مہراللہ بادینی نے ناجائز منافع خوروں کو آہنی ہاتھوں سے نمٹنے اور اس سلسلے میں شہریوں کے مفادات پر کسی قسم کا سمجھوتہ نہ کرنے کے حوالے سے جو مذکورہ بیان دیا ہے اس پر عملی طور پر اقدامات کرنے چاہئیں۔

اس لیے یہاں ضرورت اس امر کی ہے کہ ضلعی انتظامیہ کو منی پیٹرول پمپس مافیا کیخلاف اپنی کاروائیوں میں تیزی لاتے ہوئے ان کے خلاف سخت کاروائی کرنی چاہئیے۔ تاکہ وہ آئندہ کے لیے عوام کا خیال رکھیں اور اپنی مرضی سے پیٹرول کے نرخ مقرر کر کے عوام کی مجبوریوں سے فائدہ نہ اٹھا سکیں کیونکہ ایسا کرنا عوام کے ساتھ بڑی زیادتی کے مترادف اقدام ہے۔

**CLIPPING SERVICE**

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: QUDRAT QUETTA

Bullet No. 6

Dated: 07 JUN 2026

Page No. 18


# دہشت گردی کے خلاف قومی عزم اور بلوچستان میں امن کا چیلنج

بلوچستان ایک طویل عرصے سے دہشت گردی، تخریب کاری اور بیرونی مداخلت جیسے سنگین چیلنجز کا سامنا کر رہا ہے۔ قدرتی وسائل سے مالا مال اور جغرافیائی لحاظ سے انتہائی اہمیت کے حامل اس صوبے میں امن و استحکام نہ صرف مقامی آبادی بلکہ پورے پاکستان کی معاشی اور قومی سلامتی کے لیے ناگزیر ہے۔ ضلع پنجگور کے سرحدی علاقے چیدگی بارڈر سرکینی میں سیکیورٹی فورسز کی حالیہ کارروائی اور اس پر وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کے ردعمل نے ایک بار پھر اس حقیقت کو اجاگر کیا ہے کہ دہشت گردی کے خلاف جنگ ابھی ختم نہیں ہوئی اور ریاستی ادارے مسلسل اس خطرے سے نبرد آزما ہیں۔ پنجگور میں خفیہ اطلاع پر کیا گیا سرچ آپریشن اس امر کی نشاندہی کرتا ہے کہ سیکیورٹی ادارے نہ صرف متحرک ہیں بلکہ انٹیلی جنس بنیادوں پر کارروائیوں کے ذریعے دہشت گرد عناصر کے عزائم کو ناکام بنانے کی صلاحیت بھی رکھتے ہیں۔ فائرنگ کے شدید تبادلے میں چھ افراد کی ہلاکت اس بات کی عکاسی کرتی ہے کہ سرحدی علاقوں میں اب بھی ایسے عناصر موجود ہیں جو ریاستی رٹ کو چیلنج کرنے اور امن و استحکام کو نقصان پہنچانے کی کوشش کرتے ہیں۔ ایسے حالات میں سیکیورٹی فورسز کی بروقت اور مؤثر کارروائیاں قومی سلامتی کے لیے انتہائی اہمیت رکھتی ہیں۔ وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے اپنے بیان میں جن خدشات اور تحفظات کا اظہار کیا ہے، وہ بلوچستان کی موجودہ سیکیورٹی صورتحال کے تناظر میں قابل غور ہیں۔ ان کا کہنا ہے کہ دہشت گرد عناصر بلوچستان کی ترقی، امن اور خوشحالی کے دشمن ہیں اور وہ صوبے میں جاری ترقیاتی منصوبوں اور استحکام کے عمل کو نقصان پہنچانا چاہتے ہیں۔ حقیقت یہ ہے کہ جب بھی بلوچستان میں ترقیاتی منصوبوں، سرمایہ کاری یا عوامی فلاح و بہبود کے اقدامات میں پیش رفت ہوتی ہے تو تخریب کار عناصر اپنی سرگرمیاں تیز کرنے کی کوشش کرتے ہیں تاکہ خوف اور بے یقینی کی فضا پیدا کی جا سکے۔ بلوچستان کی جغرافیائی حیثیت اسے خصوصی اہمیت دیتی ہے۔ ایران اور افغانستان سے ملحقہ سرحدیں، ساحلی پٹی، معدنی وسائل اور بین الاقوامی تجارتی راہداریوں کی موجودگی اسے قومی معیشت کا ایک اہم ستون بناتی ہے۔ یہی وجہ ہے کہ دشمن قوتیں صوبے میں بدامنی پھیلا کر نہ صرف پاکستان کی سلامتی بلکہ اس کی معاشی ترقی کو بھی متاثر کرنے کی کوشش کرتی ہیں۔ ایسے حالات میں سیکیورٹی فورسز، قانون نافذ کرنے والے اداروں اور مقامی انتظامیہ کا کردار مزید اہم ہو جاتا ہے۔ تاہم دہشت گردی کے خلاف جنگ صرف عسکری کارروائیوں سے نہیں جیتی جا سکتی۔ اگرچہ سیکیورٹی آپریشنز دہشت گرد نیٹ ورکس کو کمزور کرنے میں مؤثر ثابت ہوتے ہیں، لیکن دیرپا امن کے لیے سماجی، معاشی اور سیاسی استحکام بھی ضروری ہے۔ بلوچستان کے دور افتادہ علاقوں میں تعلیم، صحت، روزگار اور بنیادی سہولیات کی فراہمی کو یقینی بنانا وقت کی اہم ضرورت ہے۔ جب نوجوانوں کو ترقی کے مواقع میسر آئیں گے تو شدت پسند عناصر کے لیے انہیں گمراہ کرنا مشکل ہو جائے گا۔ اس حقیقت سے بھی انکار نہیں کیا جا سکتا کہ سرحدی علاقوں میں مؤثر نگرانی اور بارڈر مینجمنٹ وقت کی اہم ضرورت ہے۔ غیر قانونی نقل و حرکت، اسمگلنگ اور شرپسند عناصر کی آمد و رفت کو روکنے کے لیے جدید ٹیکنالوجی اور بہتر انٹیلی جنس نظام کا استعمال مزید مضبوط بنایا جانا چاہیے۔ پنجگور جیسے حساس علاقوں میں ریاستی رٹ کو مستحکم کرنا قومی سلامتی کے وسیع تر مقاصد کے لیے ناگزیر ہے۔ وزیر اعلیٰ بلوچستان کا یہ مؤقف بھی اہم ہے کہ دہشت گردی کے خلاف جنگ میں عوام اور ریاستی اداروں کا تعاون بنیادی حیثیت رکھتا ہے۔ تاریخ گواہ ہے کہ جب قوم اور ریاست ایک صفحے پر ہوں تو دہشت گردی جیسے خطرات کا مؤثر مقابلہ کیا جا سکتا ہے۔ مقامی آبادی کی شمولیت، عوامی اعتماد اور کمیونٹی سطح پر تعاون دہشت گرد عناصر کے لیے زمین تنگ کرنے میں کلیدی کردار ادا کرتے ہیں۔ پنجگور آپریشن ایک بار پھر اس حقیقت کی یاد دہانی ہے کہ دہشت گردی کے خلاف جنگ مسلسل چوکسی، قومی یکجہتی اور مضبوط ریاستی عزم کا تقاضا کرتی ہے۔ سیکیورٹی فورسز کی قربانیاں اور خدمات پوری قوم کے لیے باعث فخر ہیں، لیکن اس کے ساتھ ساتھ ضروری ہے کہ امن کے ثمرات عام شہری تک پہنچیں اور بلوچستان کو ترقی، خوشحالی اور استحکام کی راہ پر گامزن رکھنے کے لیے جامع حکمت عملی اختیار کی جائے۔

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: Balochistan Time Quetta

Dated: 07 JUN 2026

Bullet No. 6

Page No. 19

# Highways without lavatory

The sprawling highway networks of Balochistan serve as critical lifelines, connecting the provincial capital of Quetta to distant hubs like Taftan, Turbat, Zhob, and the megacity of Karachi. Daily, thousands of commuters, traders, and families traverse these long, arid routes, embarking on journeys that often last anywhere from eight to twenty hours. Yet, despite the vast distances and the absolute necessity of these transit corridors, a fundamental human need remains completely ignored: the availability of decent public toilets. Traveling across Balochistan's highways has become an exercise in endurance and indignity, highlighting a severe governance blind spot that compromises public health, sanitation, and basic human rights.

Currently, passengers have virtually no dedicated public sanitation facilities along these immense routes. The entire burden of providing toilets has been unofficially shifted onto roadside hotels and restaurants. These commercial establishments, however, are few and far between, and their facilities are rarely maintained to an acceptable standard of hygiene. For commuters, the lack of choices means relying entirely on the whims of these roadside stops, where broken plumbing, lack of running water, and filthy conditions are the norm rather than the exception.

While the situation is miserable for all travelers, it escalates into a profound crisis for women. Many of these hotels are structurally and socially preferable only for male visitors, leaving women with virtually no safe, private, or culturally appropriate spaces to relieve themselves. This stark lack of gender-segregated, secure sanitation forces women into agonizing situations. In the modern era, subjecting citizens particularly women to such medieval hardships during routine travel is nothing short of a systemic failure. The absence of public toilets along major transport arteries directly contradicts any official claims of regional development and modern infrastructure planning. A highway cannot be considered functional if it lacks the basic amenities required to sustain human travel.

The government of Balochistan and the relevant highway authorities must wake up to this reality and take immediate, rectifying action. It is high time the provincial administration, in coordination with the National Highway Authority (NHA), ensures the establishment of fully functional, clean public toilets at regular, strategic intervals along the Quetta-Taftan, Quetta-Turbat, Quetta-Zhob, and Quetta-Karachi routes. These facilities must be designed with a specific focus on inclusivity, featuring dedicated, secure, and well-lit sections for women, complete with regular water supply and maintenance staff. Providing basic sanitation on public highways is a fundamental responsibility of the state, and the authorities must act swiftly to restore dignity and safety to the travelers of Balochistan.

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: AZADI QUETTA

Bullet No. 6

Dated: 07 JUN 2026

Page No. 20


## بلوچستان: محرومی، مسلح بغاوت اور ریاستی ناکامی کے بیچ پھنسا ہوا خطہ (2)


مسرور احمد


اس کے ساتھ ساتھ یہ بھی حقیقت ہے کہ بلوچستان میں محرومی کا بیانیہ مکمل طور پر جھوٹ نہیں، مگر اسے بعض حلقوں نے شدت پسندی کے جواز کے طور پر استعمال کیا۔ آج بلوچستان میں بنیادی ڈھانچے، تعلیم، صحت، روزگار اور صاف پانی کے مسائل اب بھی موجود ہیں۔ کئی اضلاع ایسے ہیں جہاں ترقیاتی منصوبے کاغذوں سے آگے نہیں بڑھ سکے۔ کرپشن، مافیاز، اقربا پروری اور ادارہ جاتی ناکامیوں نے پورے پاکستان کی طرح بلوچستان میں بھی عوامی اعتماد کو تباہ کیا۔ جب نوجوانوں کو تعلیم، انصاف، روزگار اور سیاسی شرکت کے مواقع نہیں ملتے تو وہ آسانی سے نفرت انگیز پراپیگنڈے، علیحدگی پسند بیانیوں یا مسلح گروہوں کے اثر میں آ سکتے ہیں۔

لیکن دوسری طرف یہ موقف بھی حقیقت سے خالی نہیں کہ بلوچستان میں سرگرم کئی عسکری تنظیمیں صرف مقامی محرومی کی پیداوار نہیں رہیں۔ وقت کے ساتھ ان میں بیرونی مداخلت، پراکسی جنگ، میڈیا مینجمنٹ اور جدید پروپیگنڈا شامل ہوتا گیا۔ سوشل میڈیا پر اعلیٰ معیار کی ویڈیوز، جدید اسلحہ، منظم میڈیا مہمات، اور بعض شدت پسند گروہوں کی غیر معمولی مالی صلاحیتیں یہ سوال ضرور اٹھاتی ہیں کہ ان کی پشت پناہی کہاں سے ہو رہی ہے۔ پاکستان کے سیکیورٹی ادارے طویل عرصے سے الزام لگاتے رہے ہیں کہ بعض بیرونی طاقتیں، خصوصاً بھارتی خفیہ ایجنسی "را"، افغانستان کی سرزمین، اور بعض عالمی مفادات رکھنے والے حلقے بلوچستان میں عدم استحکام کو ہوا دیتے ہیں تاکہ خطے میں چین اور پاکستان کے معاشی منصوبوں، خصوصاً سی پیک، کو نقصان پہنچایا جا سکے۔

تاہم اس حساس موضوع پر تجزیہ کرتے وقت احتیاط بھی ضروری ہے۔ ہر اختلاف رائے رکھنے والے بلوچ، ہر انسانی حقوق کے کارکن، یا ہر لاپتہ افراد کے مسئلے کو اٹھانے والے شخص کو "غدار" یا "غیر ملکی ایجنٹ" قرار دینا نہ صرف غیر منصفانہ ہے بلکہ مسئلے کو مزید بگاڑتا ہے۔ ماہرنگ بلوچ اور بلوچ یکجہتی کمیٹی جیسے نام پاکستانی معاشرے میں شدید اختلافی آراء رکھتے ہیں۔ ایک طبقہ انہیں انسانی حقوق کی آواز سمجھتا ہے جبکہ دوسرا انہیں شدت پسند بیانیے کا سیاسی چہرہ قرار دیتا ہے۔ حقیقت شاید ان دونوں انتہاؤں کے درمیان کہیں موجود ہے، اور اسی لیے بلوچستان کے مسئلے کو جذباتی نعروں کے بجائے تحقیق، مکالمے اور حقائق کی بنیاد پر سمجھنے کی ضرورت ہے۔

بلوچستان کے بحران کا ایک افسوسناک پہلو یہ بھی ہے کہ یہاں کی نوجوان نسل مسلسل خوف، غصے اور عدم تحفظ کے ماحول میں پروان چڑھی۔ دوسری طرف ریاستی اداروں کی بعض پالیسیوں، جبری گمشدگیوں کے الزامات، اور طاقت کے غیر شفاف استعمال نے بھی اعتماد کی فضا کو متاثر کیا۔ اگرچہ ریاست یہ موقف رکھتی ہے کہ کئی لاپتہ افراد دراصل مسلح تنظیموں میں شامل ہو چکے ہوتے ہیں، لیکن شفاف عدالتی عمل اور قابل اعتماد تحقیقات کے بغیر یہ مسئلہ ختم نہیں ہو سکتا۔ قانون کی حکمرانی کے بغیر نہ ریاست کا بیانیہ مضبوط ہوتا ہے اور نہ ہی عوام کا اعتماد بحال ہوتا ہے۔

قبائلی سرداروں کا کردار بھی بلوچستان کے بحران میں اہم رہا ہے۔ حقیقت یہ ہے کہ کئی سردار دہائیوں تک اپنے علاقوں میں تعلیم، صنعتی اور جدید سیاسی شعور کے فروغ میں ناکام رہے۔ بعض سردار وفاق سے مراعات بھی لیتے رہے اور ساتھ ہی محرومی کی سیاست بھی کرتے رہے۔ لیکن سارا الزام صرف سرداروں پر ڈال دینا بھی حقیقت کا مکمل عکس نہیں، کیونکہ ریاستی اشرافیہ، سول و فوجی بیوروکریسی، اور قومی سیاسی قیادت بھی بلوچستان کے مسائل کے حل میں سنجیدہ اور مستقل دلچسپی نہ دکھا سکیں۔

بلوچستان میں شدت پسندی کے بڑھتے ہوئے رجحانات نے عام بلوچ شہری کو سب سے زیادہ نقصان پہنچایا ہے۔ تعلیمی ادارے، کاروبار، سیاحت، سرمایہ کاری اور ترقی سب متاثر ہوئے۔ اگر امن قائم ہو، بنیادی انفراسٹرکچر بہتر بنایا جائے، مقامی آبادی کو ترقیاتی منصوبوں میں حصہ دیا جائے، اور قانون کی حکمرانی قائم ہو تو بلوچستان نہ صرف پاکستان بلکہ پورے خطے کے لیے معاشی حب بن سکتا ہے۔ گوادر کی بندرگاہ، معدنی ذخائر، ساحلی تجارت، ماہی گیری، توانائی اور علاقائی روابط بلوچستان کی تقدیر بدل سکتے ہیں، مگر یہ سب صرف بندوق کے سائے میں ممکن نہیں۔

آج پاکستان کو سب سے زیادہ ضرورت اس بات کی ہے کہ بلوچستان کو محض ایک سکیورٹی فائل کے طور پر نہیں بلکہ ایک انسانی، سیاسی اور سماجی مسئلے کے طور پر دیکھا جائے۔ طاقت کے استعمال سے وقتی خاموشی تو حاصل کی جا سکتی ہے مگر دیرپا استحکام نہیں۔ اسی طرح علیحدگی پسندی اور دہشت گردی بھی بلوچ عوام کے مسائل کا حل نہیں۔ دنیا میں مسلح تحریکوں کو اکثر بیرونی طاقتوں کے مفادات کے لیے استعمال کیا گیا ہے، اور آخر میں عام لوگ ہی قیمت ادا کرتے ہیں۔ [illegible] اس حقیقت کی [illegible] کرتی ہیں کہ بیرونی طاقتیں اپنے مفادات کے تحت گروہوں کو استعمال کرتی ہیں، لیکن مستقل سیاسی حل مقامی سطح پر ہی ممکن ہوتا ہے۔

پاکستان کے لیے اصل چیلنج صرف بلوچستان نہیں بلکہ قومی یکجہتی، وفاقی انصاف، [illegible] تعلیم [illegible] ہے۔ جب ریاستی [illegible] پیدا کرتے ہیں تو [illegible] کمزور ہو جاتے ہیں۔ بلوچستان کا مسئلہ صرف بلوچستان کا مسئلہ نہیں بلکہ پورے پاکستان کے سیاسی اور انتظامی بحران کی علامت ہے۔

بلوچستان کے مسئلے کا حل بندوق، نفرت یا پروپیگنڈے میں نہیں بلکہ آئین، انصاف، سیاسی مکالمے، مقامی شمولیت، شفاف احتساب، تعلیم، روزگار اور اعتماد سازی میں ہے۔ اگر پاکستان واقعی ایک مضبوط وفاق بنانا چاہتا ہے تو اسے بلوچستان کے لوگوں کو صرف سکیورٹی کے تناظر میں نہیں بلکہ برابر کے شہریوں کے طور پر قبول کرنا ہوگا۔ یہی راستہ ریاست کو بھی مضبوط کرے گا اور بلوچستان کو بھی دہائیوں کے بحران سے نکال سکتا ہے۔

(ختم)


CamScanner

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: Balochistan News Quetta

Bullet No. 6

Dated: 07 JUN 2026

Page No. 21


# مکران میں نئے اضلاع کا قیام۔۔۔حکومت کا ایک دوراندیش اور عوام دوست اقدام


چاکر بلوچ


بلوچستان رقبے کے لحاظ سے پاکستان کا سب سے بڑا صوبہ ہے، تاہم آبادی کے دور دراز علاقوں میں پھیلے ہونے اور وسائل کی غیر مساوی تقسیم کے باعث عوام کو بنیادی سہولیات کے حصول میں متعدد مشکلات کا سامنا رہتا ہے۔خصوصا مکران جیسے وسیع خطے میں بڑے اضلاع انتظامی مسائل، ترقیاتی منصوبوں کی سست روی اور عوامی مسائل کے بروقت حل میں رکاوٹ بنتے رہے ہیں۔موجودہ صوبائی حکومت نے ان حقائق کو مدنظر رکھتے ہوئے جہاں مختلف ترقیاتی اقدامات اٹھائے ہیں، وہیں نئے اضلاع کے قیام کا فیصلہ بھی ایک اہم اور قابلِ تحسین قدم ہے۔ انتظامی یونٹس کی تعداد میں اضافہ نہ صرف حکومتی کارکردگی کو بہتر بناتا ہے بلکہ عوام کو ان کے علاقوں میں زیادہ مؤثر اور فوری سہولیات کی فراہمی کو بھی یقینی بناتا ہے۔ضلع کیچ بلوچستان کے سب سے بڑے اور گنجان آباد اضلاع میں شمار ہوتا ہے۔گزشتہ مردم شماری کے مطابق اس کی آبادی تقریبا 19 لاکھ تھی، جواب مزید بڑھ چکی ہے۔اتنی بڑی آبادی اور وسیع جغرافیائی حدود کے پیش نظر نئے ضلع کا قیام ایک ناگزیر ضرورت بن چکا تھا۔حکومت بلوچستان نے اسی ضرورت کو محسوس کرتے ہوئے تحصیل تمپ اور مند پر مشتمل نئے ضلع "تمپ" کے قیام کا اعلان کیا، جو علاقے کے عوام کا ایک دیرینہ مطالبہ بھی تھا۔وزیراعلیٰ بلوچستان، نے ضلع کیچ کے دورے کے دوران اس فیصلے کو عملی شکل دیتے ہوئے باقاعدہ نوٹیفکیشن جاری کیا، جبکہ حلقے کے منتخب نمائندے کو بھی اس حوالے سے سرکاری دستاویزات فراہم کی گئیں۔ضلع تمپ کے قیام سے انتظامی امور میں نمایاں بہتری متوقع ہے۔ عوام کو سرکاری دفاتر، عدالتی معاملات، ریونیو ریکارڈ اور دیگر سرکاری خدمات کے حصول کے لیے طویل فاصلے طے نہیں کرنے پڑیں گے۔ اس سے نہ صرف وقت اور اخراجات کی بچت ہوگی بلکہ عوامی مسائل کے حل کی رفتار بھی تیز ہوگی۔ نئے ضلع کے قیام سے روزگار کے نئے مواقع پیدا ہوں گے۔مختلف سرکاری محکموں، انتظامی دفاتر اور ترقیاتی منصوبوں میں مقامی نوجوانوں کو ملازمتوں کے مواقع میسر آئیں گے۔ اسی طرح تعلیم کے شعبے میں نئے کالجز، فنی و تکنیکی اداروں اور تربیتی مراکز کے قیام کی راہ ہموار ہوگی، جس سے نوجوان نسل کو اپنے ہی علاقے میں بہتر تعلیمی سہولیات دستیاب ہوں گی۔صحت کے شعبے میں بھی نمایاں بہتری کی توقع کی جارہی ہے۔ ضلعی ہیڈکوارٹر اسپتال، دیہی مراکز صحت اور دیگر طبی سہولیات کے قیام سے عوام کو بہتر اور بروقت علاج میسر آئے گا۔اس کے علاوہ ترقیاتی فنڈز کی منصفانہ تقسیم، سڑکوں کی تعمیر، آبنوشی، بجلی اور مواصلاتی نظام کی بہتری جیسے منصوبوں پر بھی زیادہ توجہ دی جاسکے گی۔ ضلع تمپ کا قیام صرف ایک انتظامی فیصلہ نہیں بلکہ مکران کی متوازن ترقی، عوامی فلاح و بہبود اور بہتر طرز حکمرانی کی جانب ایک اہم سنگ میل ہے۔ اگر حکومت اس فیصلے کے بعد فوری طور پر انتظامی ڈھانچے، سرکاری اداروں اور بنیادی سہولیات کی فراہمی کو یقینی بنائے تو یہ اقدام علاقے کی ترقی اور خوشحالی میں تاریخی کردار ادا کرسکتا ہے۔